تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | جمعرات 07 مئی 2026، 18 ذی القعدہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 265

ستھرا پنجاب بہترین منصوبہ بندی یا غفلت برداشت نہیں ہوگی مریم نواز

ستھرا پنجاب کی 40 ہزار گاڑیاں اور 1 لاکھ 76 ہزار ورکرز کی اے آئی مانیٹرنگ کرنے کا فیصلہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا گھوسٹ، غیر حاضر اور حاضری لگا کر رفو چکر ہونیوالے ستھرا پنجاب کے ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم

ملتان (خبر نگار خصوصی) پنجاب میں سمارٹ صفائی کا آغاز، کوڑے کی نشاندہی کیلئے اے آئی کا استعمال ستھرا پنجاب کی 40 ہزار گاڑیاں اور 1 لاکھ 76 ہزار ورکرز کی اے آئی مانیٹرنگ کرنے کا فیصلہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا گھوسٹ، غیر حاضر اور حاضری لگا کر رفو چکر ہونیوالے ستھرا پنجاب کے ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم عید الاضحیٰ سے پہلے ہی ستھرا پنجاب ٹیم کو الرٹ کال، پنجاب میں عید الاضحیٰ کے موقع پر ویسٹ کولیکشن سینٹر کی تعداد بڑھانے کی ہدایت ستھرا پنجاب کے ویسٹ ٹو ویلیو پراجیکٹ کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت، اہلکاروں کیلئے یونیفارم اور گاڑیوں کی صفائی لازم قرار کوڑے کی نشاندہی کیلئے اے آئی ٹیکنالوجی سے لیس بائیکس متعارف کرائی جائیں گی، ستھرا پنجاب میں پہلی بار اے آئی بیسڈ کمپلینٹ (بقیہ نمبر 38)

سب کو پتہ ہے غریب کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، شیخ رشید

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سب کو پتہ ہے غریب کے ساتھ کیا (بقیہ نمبر 6)

خوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک دشمن عناصر کو ہر محاذ پر شکست دی جائے گی، محمد حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے جنوبی وزیرستان میں (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم شہباز شریف نظام کو ٹھیک کریں گے، کیپٹن (ر) صفدر



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے داماد، وزیر اعلیٰ مریم نواز (بقیہ نمبر 4)

حکومت نے 2030ء تک ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہیپاٹائٹس (بقیہ نمبر 3)

بلوچستان پاکستان کی نظریاتی و جغرافیائی تکمیل کا بنیادی ستون ہے، صدر مملکت

کراچی +کوئٹہ (این این آئی) صدر مملکت اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

آپریشن "بنیان المرصوص" میں کامیابی، قومی اتحاد اور دفاعی صلاحیت کا مظہر قرار

بھارت کے بے بنیاد الزامات مسترد، پاکستان نے ذمہ دارانہ سفارت کاری سے مؤقف منوایا

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے آپریشن "بنیان المرصوص" میں پاکستان کی کامیابی کو تاریخی سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس معرکے میں نہ صرف دشمن کے غرور کو خاک میں ملایا گیا بلکہ پوری قوم نے غیر معمولی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کیا، (بقیہ نمبر 7)

ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اہم اجلاس، مری میں جاری پروجیکٹس کی تعمیراتی رفتار کا جائزہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ (بقیہ نمبر 8)

چار سابق ایم پی اے شیخ الحدیث مولانا ادریس قاتلانہ حملے میں جاں بحق

واقعہ اتمانزئی میں پیش آیا، نامعلوم حملہ آوروں نے گاڑی کو نشانہ بنایا، مولانا ادریس موقع پر ہی جاں بحق ہوئے، دو گن مین بدزخمی

چارسدہ/ اسلام آباد (این این آئی) نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے معروف عالم دین اور سابق ایم پی اے شیخ الحدیث مولانا ادریس جاں بحق ہو گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن و دیگر رہنماؤں اور وفاق المدارس العربیہ نے واقعہ کی مذمت کی ہے۔ منگل کو پولیس کے مطابق واقعہ اتمانزئی کے علاقے میں پیش آیا جہاں نامعلوم حملہ آوروں نے مولانا ادریس کی (بقیہ نمبر 9)

وزیر اعلیٰ پنجاب سے سپیکر ملک احمد خان کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

مریم نواز شریف نے سپیکر ملک محمد احمد خان سے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت، فاتحہ خوانی بھی کی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سپیکر ملک محمد احمد خان کی ہمشیرہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ اس موقع پر سپیکر پنجاب اسمبلی (بقیہ نمبر 10)

لاہور: اسپیکر ملک محمد احمد خاں پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

حکومت پاک افواج اور عوام تمام چیلنجز کیخلاف "بنیان المرصوص" کی مانند یکجا ہیں، فیلڈ مارشل

شہدا کی لازوال قربانیاں ہمیشہ پاکستان کی قومی سلامتی، اتحاد اور استقامت کی بنیاد بنی رہیں گی اور آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز نے پاکستان کی مسلح افواج کی تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور جنگی صلاحیتوں پر اطمینان کا اظہار کیا

آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز نے ملک بھر میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں کمانڈرز اور فارمیشنز کے عزم، مستعدی اور کامیابی کو سراہا

کور کمانڈرز کانفرنس میں علاقائی کشیدگی سے بچاؤ اور تحمل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ خطے میں امن اور استحکام کا دارومدار باہمی تحمل، ذمہ داری اور خودمختاری کے احترام پر مبنی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کی زیر صدارت 275 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی جہاں مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادر وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے معصوم شہریوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ بیان کے مطابق فورم نے شہدا کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعادہ کیا کہ شہدا کی لازوال قربانیاں ہمیشہ پاکستان کی قومی سلامتی، اتحاد اور استقامت کی بنیاد بنی رہیں گی اور آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز نے پاکستان کی مسلح افواج کی تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور جنگی صلاحیتوں پر اطمینان (بقیہ نمبر 39)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 112 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

دنیا میں امن کے قیام کی کوششوں میں پاکستان کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، احسن اقبال

مضبوط اور متحد پاکستان ہی ترقی کی ضمانت ہے، امن کے فروغ کے لیے برداشت، مکالمہ اور تعلیم کو عام کرنا ہوگا

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ دنیا میں امن کے قیام کی کوششوں میں پاکستان کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، مضبوط اور متحد پاکستان ہی ترقی کی ضمانت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرنیشنل نارووال پیس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ امن کے فروغ کے لیے برداشت، مکالمہ اور تعلیم کو عام کرنا ہوگا، پاکستان نفرت (بقیہ نمبر 14)

صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی اجلاس میں 22 ارب روپے کے فنڈز منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2025-26 کے صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کے 72 ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کے لئے 22 ارب روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی صدارت (بقیہ نمبر 16)

پنجاب کے سکولوں کیلئے 2 ارب 45 کروڑ روپے کا نان سیلری بجٹ جاری

چوتھی سہ ماہی کے فنڈز مختلف اضلاع کو منتقل، تعلیمی سہولیات اور بہتری پر خرچ ہوں گے

لاہور (این این آئی) لاہور میں محکمہ خزانہ نے صوبے کے سکولوں کے لیے 2 ارب 45 کروڑ روپے کا نان سیلری بجٹ جاری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق یہ فنڈز چوتھی سہ ماہی کی مد میں جاری کیے گئے ہیں، جو تنخواہوں کے علاوہ تعلیمی اداروں کے ترقیاتی اور انتظامی اخراجات پر خرچ کیے جا سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق مختلف اضلاع کو بھی بجٹ جاری کیا گیا ہے، جن میں ڈسٹرکٹ لاہور کو 8 کروڑ 9 لاکھ روپے، فیصل آباد کو 12 کروڑ روپے، ملتان کو 8 کروڑ 17 لاکھ روپے اور (بقیہ نمبر 15)

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ مری ڈویلپمنٹ پلان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم شہباز شریف کی ترکیہ میں تباہ کن سیلاب پر ترک صدر و عوام سے تعزیت

دلی ہمدردیاں اور دعائیں متاثرہ خاندانوں اور اس قدرتی آفت سے متاثر ہونے والے تمام افراد کے ساتھ ہیں، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور ترک عوام سے تباہ کن سیلاب پر دلی تعزیت کی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ایکس پر لکھا کہ عوامِ پاکستان اور حکومتِ پاکستان کی جانب سے، نیز اپنی طرف سے، میں اپنے (بقیہ نمبر 12)

حکومت مالیاتی شعبے کی ترقی کیلئے پرعزم ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت مالیاتی شعبے کی ترقی کے لیے (بقیہ نمبر 11)

دنیا میں امن کے قیام کی کوششوں میں پاکستان کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، احسن اقبال

مضبوط اور متحد پاکستان ہی ترقی کی ضمانت ہے، امن کے فروغ کے لیے برداشت، مکالمہ اور تعلیم کو عام کرنا ہوگا

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ دنیا میں امن کے قیام کی کوششوں میں پاکستان کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، مضبوط اور متحد پاکستان ہی ترقی کی ضمانت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرنیشنل نارووال پیس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ امن کے فروغ کے لیے برداشت، مکالمہ اور تعلیم کو عام کرنا ہوگا، پاکستان نفرت (بقیہ نمبر 14)

مئی 2025 بھارت نے اپنی تاریخ کی سب سے بڑی غلطی کی عظمیٰ بخاری

پاکستان نے بھارت کو ایسا دندان شکن جواب دیا اسکی آنے والی نسلیں بھی یاد رکھیں گی، بھارتی جنگی طیاروں کی تباہی کے چرچے آج بھی عالمی میڈیا کی سرخیوں میں نمایاں ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مئی 2025ء میں بھارت نے اپنی تاریخ کی سب سے بڑی غلطی کرتے ہوئے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کا ڈرامہ رچا کر پاکستان پر جارحیت مسلط کی، پاکستان نے اس جارحیت کا فوری اور موثر جواب دیتے ہوئے دشمن کو ایسا دندان شکن سبق سکھایا جسے اس کی آنے والی نسلیں بھی یاد رکھیں گی۔ عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا کہ افواجِ پاکستان نے (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین اچھرہ بازار میں بیوٹیفکیشن کے جاری کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

عیدالاضحیٰ کی آمد، پنجاب میں تنخواہیں اور پنشن 21 مئی کو ادا کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) عید الاضحیٰ کے پیش نظر سرکاری ملازمین کو 21 مئی کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کی جائے گی، محکمہ خزانہ پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ عیدالاضحیٰ سے قبل سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے لیے حکومت پنجاب نے تنخواہوں اور پنشن کی پیشگی ادائیگی کا اعلان کر دیا۔ مئی کی تنخواہیں اور پنشن 21 مئی کو (بقیہ نمبر 30)

ملک میں منشیات کے عادی 45 فیصد افراد کا تعلق پنجاب سے، سب سے زیادہ تعداد طلبہ کی ہے، مظہر اقبال

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس بریگیڈیئر مظہر اقبال نے کنیرڈ کالج فار ویمن یونیورسٹی لاہور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پرنسپل ڈاکٹر ارم انجم اور فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی اور انھیں پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کرتے ہوئے تعلیمی اداروں سے منشیات کے خاتمے کے لیے اساتذہ اور انتظامیہ کے کردار پر روشنی ڈالی (بقیہ نمبر 31)

پنجاب میں پی ٹی آئی کی تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ، پانچ رکنی کمیٹی تشکیل

کمیٹی پنجاب بھر میں پی ٹی آئی کی تمام سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کرے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب میں سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کو متحرک بنانے کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ پارٹی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کی جانب سے تشکیل کردہ کمیٹی کے ارکان میں امجد نیازی، نعیم حیدر پنجوتھہ، شوکت بسرا، علی اعجاز بٹر اور مہر عبدالستار شامل ہیں۔ کمیٹی پنجاب میں سیاسی روابط کو فروغ دینے اور تنظیمی سرگرمیوں کی نگرانی کرے گی۔ کمیٹی پنجاب بھر میں پی ٹی آئی کی تمام سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کی (بقیہ نمبر 17)

پنجاب میں مفت سفری سہولت، ایک ماہ میں تقریباً 4 کروڑ مسافروں کی نئی ریکارڈ رائڈرشپ

میٹرو بس سروسز، اورنج لائن میٹروٹرین، اسپیڈو اور الیکٹرک بسوں سے ہر طبقے کو فائدہ حاصل ہوا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مفت سفری سہولت سے رائڈرشپ کی نئی تاریخ رقم ہو گئی، مشکل گھڑی میں عوام کو سہولت فراہم کرنے کا عزم جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق 4 اپریل سے 4 مئی تک ایک ماہ میں تقریباً 4 کروڑ مسافروں نے مفت سفری سہولت حاصل کی۔ میٹرو بس سروسز، اورنج لائن میٹروٹرین، اسپیڈو اور الیکٹرک بسوں سے ہر طبقے کو فائدہ حاصل ہوا۔ ایک ماہ میں اورنج لائن میٹروٹرین سے 1 کروڑ سے زائد مسافروں نے سفر کیا۔ لاہور میٹرو بس سروس سے (بقیہ نمبر 18)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال امن کے ہمراہ فن پاروں کا معائنہ کر رہے ہیں۔

عدلیہ یرغمال اور عوام کو انصاف فراہم کرنے میں ناکام ہو گئی، حافظ نعیم الرحمن

ملک کو جمہوریت چاہیے، سیاسی پارٹیاں کب تک مقتدرہ کے سہارے اقتدار میں رہیں گی؟

رحیم یار خان (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ عدلیہ یرغمال، عدالتی نظام عوام کو انصاف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکا، حالیہ عدالتی اقدامات، آئینی ترامیم نے نظامِ انصاف کو مزید کمزور کیا ہے۔ ملک کو جمہوریت چاہیے، سیاسی پارٹیاں اپنے اندر بھی جمہوریت لائیں، یہ آخر کب تک فارم سنتالیس اور مقتدرہ کی مدد سے اقتدار میں آتی رہیں گی۔ صوبہ جنوبی پنجاب اور صوبہ بہاولپور (بقیہ نمبر 19)

سیکرٹری فوڈ سیفٹی ڈاکٹر کرن خورشید کا ضلع سیالکوٹ میں قائم گندم خریداری مراکز کا دورہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید نے ضلع سیالکوٹ میں قائم گندم خریداری مراکز کا دورہ کرتے ہوئے جاری خریداری مہم کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق (بقیہ نمبر 21)

بلال یاسین کا اچھرہ بازار کا دورہ، اپ گریڈیشن اور بیوٹیفکیشن کے کاموں کا جائزہ لیا

ترقیاتی کاموں کے بعد اچھرہ بازار کا شمار پاکستان کے خوبصورت بازاروں میں ہوگا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے اچھرہ بازار کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے اچھرہ بازار میں جاری اپ گریڈیشن اور بیوٹیفکیشن کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور چیف انجینئر ایل ڈی اے مظہر حسین نے بریفنگ میں بتایا کہ اچھرہ بازار کا مجموعی طور پر پچاسی فیصد کام مکمل جبکہ بقیہ کام تیزی سے جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 20)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جا رہی ہیں۔

پنجاب میں انسدادِ گداگری مہم تیز، صوبہ بھر میں آگاہی اور کارروائیاں جاری

ملتان، سرگودھا، فیصل آباد اور ساہیوال سمیت مختلف اضلاع میں ادارہ جاتی تعاون کے ساتھ مہم جاری

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی ہدایات کی روشنی میں صوبہ بھر میں انسدادِ گداگری مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اس سلسلے میں ملتان، سرگودھا، فیصل آباد اور ساہیوال سمیت پنجاب کی مختلف ڈویژنز اور اضلاع میں آگاہی، عملی اقدامات اور ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ سرگودھا میں چلڈرن ہوم کے زیر اہتمام انسدادِ گداگری کے حوالے سے آگاہی واک کا انعقاد (بقیہ نمبر 26)

پنجاب میں صحت کے شعبے میں 17 ارب روپے سے زائد مفت علاج کی سہولیات فراہم

خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب کے شعبہ صحت میں انقلابی و تاریخی اقدامات کو عملی شکل دینے کی جانب اہم اقدامات جاری ہیں، ام پینلڈ ہسپتالوں سے اب تک صحت کے تمام خصوصی پراگراموں کے تحت مریضوں کو ساڑھے 17 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم کے مفت علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی جاری ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 112 واں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں متروکہ املاک کے زیر التواء مقدمات فوری نمٹانے کا فیصلہ

فل بورڈ 90 دن میں کیسز نمٹانے کا پابند ہوگا، ترمیمی مسودہ قانون کی حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے متروکہ املاک میں سالوں سے زیر التواء املاک کے مقدمات فوری نمٹانے کا فیصلہ کر لیا۔ اس ضمن میں پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس کے دوران مسودہ قانون (ترمیم) (تنسیخ) قوانین برائے متروکہ املاک و بے گھر افراد 2026 کثرت رائے سے منظور کیا گیا ہے۔ ایکٹ کے تحت مسودہ قانون (تنسیخ) قوانین برائے متروکہ املاک (بقیہ نمبر 24)

پنجاب میں جم، آئی ٹی کمپنیوں اور کال سینٹرز کو بندش کے اوقات سے استثنیٰ دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے کفایت شعاری پالیسی کے تحت عائد پابندیوں میں نرمی کر دی، جم، آئی ٹی کمپنیوں اور کال سینٹرز کو بندش کے اوقات سے استثنیٰ دے دیا گیا۔ پنجاب حکومت کا اہم فیصلہ سامنے آیا ہے، (بقیہ نمبر 23)

لاہور ہائیکورٹ کے ججز کو مختلف اضلاع کا انسپکشن جج مقرر کر دیا گیا

چیف جسٹس ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم لاہور سمیت تمام اضلاع کی انسپکشن جج ہوں گی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ججوں کو مختلف اضلاع کا انسپکشن جج مقرر کر دیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم لاہور سمیت تمام اضلاع کی انسپکشن جج ہوں گی۔ جسٹس عابد عزیز شیخ راولپنڈی، جسٹس صداقت علی خان سرگودھا، جسٹس شہباز رضوی گوجرانوالہ، جسٹس فیصل زمان ملتان، جسٹس مسعود عابد نقوی فیصل آباد، جسٹس مرزا وقاص رؤف ساہیوال، جسٹس محمد اقبال شیخوپورہ اور جھنگ، جسٹس شہرام سرور بہاولپور اور اوکاڑہ، جسٹس ساجد محمود سیٹھی (بقیہ نمبر 32)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، 5 یونٹ بند، 2 من سے زائد ایکسپائر اشیا، باسی کھانے تلف

اشیا خورونوش کے معیار میں کمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے شہر کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے معروف برانڈز اور فوڈ آؤٹ لیٹس کے خلاف سخت کارروائیوں کے دوران 5 یونٹ بند، 2 کو 2 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد کر دیئے جبکہ 2 من سے زائد ایکسپائر اشیا اور باسی کھانے تلف کر دیئے گئے۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کے حکم پر (بقیہ نمبر 34)

پنجاب میں جان لیوا ٹریفک حادثات میں 22 فیصد کمی ریکارڈ

تمام آپریشن کمانڈرز حادثات کی روک تھام کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کریں، وقاص نذیر

لاہور (این این آئی) ڈی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کا انسانی جانوں کے تحفظ کا مشن جاری ہے، رواں سال پنجاب کے شہری علاقوں میں جان لیوا ٹریفک حادثات میں 22 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق صوبے کے 7 اضلاع میں کوئی بھی مہلک (بقیہ نمبر 37)

پاکستان واحد ملک جس نے اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا، نہ کبھی کرے گا، سردار محمد یوسف

وزیر اعظم، فیلڈ مارشل اور وزیر خارجہ نے غزہ میں جاری نسل کشی کو رکوانے کے لیے ہر ممکن سفارتی کوشش کی

اسلام آباد (این این آئی) فلسطین کے اعلیٰ مذہبی وفد، قاضی القضا فلسطین ڈاکٹر محمود الہباش اور مفتی اعظم الشیخ محمد احمد حسین نے منگل کو وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے ملاقات کی، جس میں باہمی تعلقات، غزہ کی صورتحال اور عالم اسلام کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے فلسطینی وفد کا وزارتِ مذہبی امور میں پرتپاک استقبال (بقیہ نمبر 33)

رحیم یار خان: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

پشاور سے لاہور آئس کی سپلائی ناکام، خاتون اسمگلر گرفتار، 7 کلو آئس برآمد

لاہور (این این آئی) گڑھی شاہو پولیس نے خفیہ اطلاع پر منشیات فروش خاتون صائمہ کو گرفتار کر کے ملزمہ کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی 7 کلو آئس برآمد کر لی۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ملزمہ نوجوان نسل کو منشیات کے زہر میں دھکیلنے میں سرگرم تھی، دوران (بقیہ نمبر 35)

شاہ عالم مارکیٹ میں جیولری پلازہ میں آتشزدگی کا واقعہ

لاہور (این این آئی) شاہ عالم مارکیٹ میں واقع ملک سلامت جیولری پلازہ میں آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا، ریسکیو 1122 نے (بقیہ نمبر 36)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر عازمین حج کے تربیتی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

پنجاب میں مفت علاج کی سہولیات کا دائرہ وسیع، 2 ارب 22 کروڑ روپے کا فنڈ جاری

2 ارب 22 کروڑ روپے کا فنڈ جاری، 1 ارب 10 کروڑ روپے کا فنڈ ریلیز، 1 ارب 12 کروڑ روپے کا فنڈ ریلیز کا عمل جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مفت علاج کی سہولیات کا دائرہ وسیع کرنے کے لیے 2 ارب 22 کروڑ روپے کا فنڈ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق 1 ارب 10 کروڑ روپے کا فنڈ ریلیز کر دیا گیا جبکہ 1 ارب 12 کروڑ روپے کا فنڈ ریلیز کا عمل جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں ٹرانسپورٹ کمپنیوں کا کرایہ 20 فیصد بڑھانے کا فیصلہ

کرایہ 20 فیصد بڑھانے کا فیصلہ، 1 ہزار کلومیٹر کا کرایہ 1 ہزار روپے ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ٹرانسپورٹ کمپنیوں کا کرایہ 20 فیصد بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق 1 ہزار کلومیٹر کا کرایہ 1 ہزار روپے ہوگا۔ (بقیہ نمبر 23

نارنگ پیپلز پارٹی کے صدر آصف خاں، عمران صابر ڈوگر و دیگر تنظیم سازی کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

اوکاڑہ، پولیس کا ایکشن، اپریل میں 7 گینگز کے 22 ارکان گرفتار

ملزمان سے 237 پسٹل، 11 بندوق، 2 کاربین، 7 ریوالور اور 767 گولیاں برآمد

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ ماہ اپریل میں وارداتوں میں ملوث 7 گینگز کا خاتمہ، گینگز کے 22 ارکان گرفتار، 01 کروڑ 09 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ ملزمان سے 237 پسٹل، 11 بندوق، 02 کاربین، 07 ریوالور اور 767 گولیاں برآمد، منشیات برآمدگی پر 102 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ملزمان سے 48 کلو چرس اور آئس 3590 گرام برآمد، 1662 لیٹر شراب، 182 لیٹر لہن اور 07 چالو بھٹیاں برآمد۔ اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف بھی مہم کارروائیاں، 384 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا، سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 57 جبکہ بی کیٹیگری کے 327 اشتہاری مجرمان گرفتار، 66 عدالتی مفروران جبکہ 60 نارکوٹکس آفینڈرز گرفتار۔ شہر میں ایس او ایس ناکے، سرچ و کومبنگ آپریشنز اور کرائم پاکٹس پر موثر گشت کو یقینی بنایا گیا، جرائم کے خاتمے کیلئے انٹیلی جنس آپریشنز اور کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

چیچہ وطنی، پولیس اہلکار کو گولی مار نے کے کیس میں گرفتار زمیندار کی درخواست ضمانت مسترد

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) پولیس اہلکار کو گولی مارنے کے کیس میں گرفتار زمیندار کی درخواست ضمانت مسترد۔ تفصیلات کے مطابق عدالت نے پک نمبر 108 بارہ ایل میں 27 فروری کو پولیس مقابلہ میں پولیس کانسٹیبل کامران طاہر کو گولی مارنے کے مقدمہ میں گرفتار فلک شیر ملزم کی درخواست ضمانت مسترد کردی۔ 27 فروری کو کوپولیس مقابلہ میں علی حسن اور عمر حیات علی کو زخمی حالت میں پولیس تھانہ صدر چیچہ وطنی نے گرفتار کرلیا تھا جبکہ فلک شیر ملزم بعد ازاں گرفتار ہوا اور ضمانت پر رہائی کی درخواست دی جو مسترد کردی گئی۔ پولیس نے تین ملزموں کے خلاف 7 انسداد دہشت گردی ایکٹ 13 اے دو اسلحہ آرڈیننس 324,353,186 اور 34 ت پ مقدمہ درج کیا تھا اور تینوں ملزموں کو جیل بھیج دیا گیا۔

چیچہ وطنی، تھانہ شاہکوٹ کی حدود میں 2 گروپوں میں فائرنگ، ایک شخص زخمی

پولیس نے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کردیا جبکہ ملزمان کی تلاش جاری ہے

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) تھانہ شاہکوٹ کی حدود میں دو گروپوں میں فائرنگ، ایک شخص شدید زخمی، پولیس مصروف تفتیش۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شاہکوٹ کی حدود چک نمبر 82 بارہ ایل میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس کے نتیجے میں آصف نامی شخص شدید زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق واقعے کی وجہ پرانی دشمنی بتائی جارہی ہے۔ زخمی کو فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں اسے طبی امداد دی جارہی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی چیچہ وطنی سلیم رتھ اور تھانہ شاہکوٹ پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے جبکہ ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

حافظ آباد، منیجر زکالونی کی گلیوں میں گٹروں کے ابلنے سے کھڑا گندا پانی ستھرا پنجاب پروگرام کا منہ چڑا رہا ہے

حافظ آباد، ڈسپوزل ورکس کی پانی کھینچنے والی موٹریں خراب، گلی محلے ڈوب گئے

کئی روز سے گٹر ابل رہے، گلیوں میں گندا پانی مسلسل تعفن پھوٹ رہا ہے، نوٹس لینے کا مطالبہ

حافظ آباد (بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد شہر میں کولمبو ڈرین واقع ڈسپوزل ورکس کی پانی کھینچنے والی موٹروں کی خرابی اور نہ چلنے کے باعث شہر کے متعدد گلی محلے گندے پانی میں ڈوب کر جوہڑ بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق کولمبو ڈرین واقع ڈسپوزل ورکس کی موٹریں نہ چلنے کی وجہ سے شہر کے متعدد علاقہ جات جن میں نجلی محلہ، منیجر زکالونی، علی پور روڈ، سراج نگر، گلہ سابق ملک اسلم سابق چیئرمین بلدیہ والہ سمیت شامل ہیں یہاں پر گذشتہ کئی روز سے نہ صرف گٹر ابل رہے ہیں بلکہ گلیوں میں گندا پانی کھڑا ہونے سے مسلسل تعفن پھوٹ رہا ہے جس پر شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈسپوزل ورکس کی موٹریں جان بوجھ کر تیل کو خرد برد کرنے کے لئے نہیں چلائی جاتیں جس کی وجہ سے شہر کے خوبصورت علاقے جوہڑوں میں تبدیل ہوکر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کا منہ چڑا رہے ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ڈسپوزل ورکس کی موٹریں دن رات چلا کر تمام علاقوں میں کھڑا گندا پانی فوری نکلوایا جائے۔

مکی استحکام و عوام کے حقوق کی بازیابی کیلئے کام کررہے ہیں: رانا محمد ناصر، حفیظ حسن

کاموکے (نامہ نگار) موجودہ دور صحافت کیلئے مشکل ترین ہے مگر اس کے باوجود دین اسلام کی سربلندی، وطن عزیز کے استحکام اور عوام کے حقوق کی بازیابی کیلئے کام کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صدر سٹی پریس کلب کاموکے رانا محمد ناصر، جنرل سیکرٹری محمد حفیظ حسن، شیخ صداقت علی نازہ، رانا گل نواز خان، خوشی محمد گجر، رانا محمد عثمان خاں، شیخ بدل جمیل، محمد عرفان انجم، مرزا حارث جاوید ایڈووکیٹ اور خواجہ عمیر لطیف نے عالمی یوم صحافت کے موقع پر اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد اور ذمہ دار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے۔ صحافی سچ کی تلاش اور عوام تک درست معلومات کی فراہمی کے لیے ہر قسم کے دباؤ اور خطرات کے باوجود اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔

الہ آباد ڈھینگ موڑ برادرز شوگر ملز ڈی سیل، کنٹرول دوبارہ مالکان کے حوالے

الہ آباد ڈھینگ موڑ (نمائندہ خصوصی) برادرز شوگر ملز ڈی سیل۔ ڈپٹی کمشنر قصور کے احکامات پر ملز کا انتظامی کنٹرول دوبارہ مالکان کے حوالے کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کسانوں کے تمام بقایا جات کی ادائیگی مکمل ہونے کے بعد اے سی چونیاں سدرہ ستار نے خود موقع پر پہنچ کر ملز کو ڈی سیل کیا اور اس کا انتظام ای ای او میاں فرقان ادریس اور جنرل منیجر میاں امجد پرویز کے سپرد کر دیا۔ یاد رہے کہ گنے کی ادائیگیاں نہ ہونے پر تقریباً دس سال قبل ملز کو سرکاری تحویل میں لے لیا گیا تھا۔ سی ای او میاں فرقان ادریس اور جی ایم میاں امجد پرویز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طویل عرصے کے دوران ملز کا اربوں روپے مالیت کا سامان چوری ہو چکا ہے۔

سیالکوٹ، سابق سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چودھری احسن گجر کی وفد کے ہمراہ چودھری چاند پسوال آف گروپ کے معززین سے ملاقات کر رہے ہیں

کلچر و ثقافت کے فروغ کیلئے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، اشفاق نذر

ملکی سلامتی، دفاع، حفاظت و عزت و وقار کو دنیا میں بلند کرنا ہماری زندگیوں کا مشن ہونا چاہیے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیراعظم سے ایوارڈ یافتہ قومی تھیسین و سماجی راہنما محمد اشفاق نذر اور ممبر مینارٹی ایڈوائزری کونسل پنجاب رتن لال آریہ نے کہا ہے کہ بین المذاہب کے درمیان ہم آہنگی اور پنجاب کے کلچر اور ثقافت کے فروغ کیلئے ہر محب وطن پاکستانی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ آنے والی نسلیں اسے آگے لیکر چلیں پاکستان ہماری، آن، شان، جان اور پہچان ہے وطن عزیز پاکستان کی سلامتی، دفاع، حفاظت اور عزت و وقار کو دنیا بھر میں بلند کرنا ہماری زندگیوں کا مشن ہونا چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک دھرم استھان کمیٹی کے زیر اہتمام بابو لی صاحب ظفروال میں امن اور ہم آہنگی کا ذریعہ "بیساکھی میلہ" بیل دوڑ کسانوں کا میلہ سے خطاب کے دوران کیا۔ بیساکھی میلہ میں DSP ظفروال سید آصف گیلانی، پنجاب فیڈریشن کے صدر ڈاکٹر شہباز چیمہ، حکیم رتن لال گھمت، جنرل سیکرٹری پاک دھرم استھان کمیٹی پنڈت منگت رام شرما نے بھی خطاب کیا۔ جبکہ بیساکھی میلہ میں میاں اسمٰعیل اجود، چوہدری موسیٰ اشفاق، انسپکٹر پنجاب پولیس (ر) جہانگیر احمد خان، سیٹھ جاوید اقبال، سابقہ کونسلر مہر عباس، عرفان خالد خان، میاں احمد علی، پاسٹر سہیل جان، بابو ارمان ساگر، ڈاکٹر زاہد سمیت دیگر نے شرکت کی۔ مقررین نے کہا کہ ویساکھی میلہ میں مسلم، ہندو، کرسچن اور سکھ برادری کی بھرپور شرکت نے ثابت کردیا ہے کہ پاکستان کے پرچم تلے ہم سب ایک اور متحد ہیں، ہم دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ پاکستان دنیا کا واحد ایسا ملک ہے جہاں تمام مذاہب کے لوگوں خوشیوں اور غمی میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں مقررین نے کہا کہ پاکستان بالخصوص پنجاب کی ثقافت، کلچر کو اجاگر کرنے کیلئے نئی نسل میں شعور اجاگر کرنا ہوگا اور میلوں کا انعقاد اور کھیلنے کودنے کیلئے میدان آباد کرنے ہونگے تاکہ ایک صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل ہو سکے ویساکھی میلہ میں پہنچنے پر پاک دھرم استھان کمیٹی کے رتن لال آریہ، پنڈت منگت رام شرما و دیگر ممبران نے مہمانوں کا ڈھول کی تاپ پر استقبال کیا پنجاب کی پگ، ہار اور سر پر پاپنائے اور پھولوں کے گلدستے پیش کرتے ہوئے محبتیں بانٹی۔

آج کے دور میں مفادات، دباؤ نے کئی قلم خاموش کردیئے: چودھری اعجاز

اگر قلم بک جائے اور ضمیر جھک جائے، تو پھر صحافت اپنی روح کھو دیتی ہے، میاں سہیل، جاوید رضا

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) دنیا بھر کی طرح آج پاکستان میں بھی 3 مئی کو عالمی یوم صحافت منایا گیا یہ دن محض ایک تقویمی تاریخ نہیں بلکہ آزادی اظہار، حق گوئی اور صحافی اصولوں کی یاد دہانی کا دن ہے۔ وہ موقع ہے جب ہم اپنے کردار کا جائزہ لیتے ہیں کہ آیا ہم واقعی اس ذمہ داری کو نبھا رہے ہیں جو ہمیں ایک صحافی ہونے کے ناطے سونپی گئی ہے یا نہیں صحافت ریاست کا چوتھا ستون کہلاتی ہے اور اس ستون کی مضبوطی کا انحصار سچائی، دیانت اور جرات پر ہوتا ہے بدقسمتی سے آج کے دور میں جہاں مفادات، دباؤ اور ذاتی ترجیحات نے کئی قلموں کو خاموش یا مصلحت کا شکار کردیا ہے، وہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے اصل مقصد کو پہچانیں اور اس پر ڈٹ جائیں میرا بطور صحافی یہ واضح موقف ہے غلط کو غلط کہل کر کہیں، کیونکہ تاریخ قلم اٹھانے والوں کی لکھی جاتی ہے، تھوکے چاٹنے والوں کی نہیں یہی جملہ صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک سوچ، ایک نظریہ اور ایک اصول ہے جس پر عمل کیے بغیر حقیقی صحافت ممکن نہیں ان خیالات کا اظہار صدر پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ چوہدری حاجی محمد اعجاز، چیئرمین میاں سہیل رضا ڈوایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری جاوید رضا نے صحافت کے عالمی دن کے موقع پر پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صحافت کا بنیادی مقصد عوام تک سچ پہنچانا ہے نہ کسی کی مفادات کی حفاظت کرنا ایک صحافی کا قلم اس وقت بامقصد بنتا ہے جب وہ مظلوم کی آواز بنے، کمزور کا سہارا بنے اور ظالم کے سامنے ڈٹ کر کھڑا ہو جائے اگر قلم بک جائے اور ضمیر جھک جائے، تو پھر صحافت اپنی روح کھو دیتی ہے اور محض ایک کاروبار بن کر رہ جاتی ہے آج ہم ایسے دور میں جی رہے ہیں جہاں اطلاعات کی بھرمار ہے، مگر سچ کی کمی محسوس ہوتی ہے صحافت ایک مقدس امانت ہے۔

چیمپئن حافظ آباد دنگل کا مقابلہ 22 مئی کو ہوگا

حافظ آباد (بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیمپئن حافظ آباد دنگل کا مقابلہ 22 مئی کو ہوگا۔ اس سلسلہ میں گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ریسلنگ ایسوسی ایشن کا اجلاس ملک رب نواز سینئر وائس پریزیڈنٹ ملک رب نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں فیصلہ کیا گیا کہ دیسی کشتی کو فروغ دینے کے لئے نوجوان پہلوانوں کے مابین چیمپئن حافظ آباد کے ٹائٹل کے لئے مقابلہ جات کروائے جارہے ہیں جس میں پہلوان ضلع بھر سے حصہ لے سکتے ہیں۔ 17 مئی تک ابتدائی مقابلے ہوں گے جبکہ 18 تا 20 مئی تک فائنل مقابلے ہوں گے۔ چیمپئن شپ کے لئے مقابلہ 22 مئی کو انتظام پاکستان دنگلے کے موقع پر ہوگا۔ اس سلسلہ تمام پہلوان کلاڑی سیکریٹری ریسلنگ ایسوسی ایشن عبدالرشید کو اپنے نام درج کرواسکتے ہیں۔

مولانا عبدالستار خان نیازیؒ اتحاد بین المسلمین کے بڑے داعی تھے: میاں عبدالرشید

کاموکے (نامہ نگار) مولانا عبدالستار خان نیازیؒ اتحاد بین المسلمین کے بہت بڑے داعی اور سچے عاشق رسولؐ تھے۔ ان خیالات کا اظہار صدر جمعیت علماء پاکستان تحصیل کاموکے میاں عبدالرشید رضوی، جنرل سیکرٹری علامہ احسان اللہ صدیقی، ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت حافظ غلام شبیر مصطفائی، نائب امیر حافظ محمد شفیق رضوی اور حاجی محمد شفیق خرم نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا عبدالستار خان نیازی نے تحریک پاکستان میں انتہائی فعال کردار ادا کیا اور بعد ازاں قیام پاکستان کے مقاصد کے حصول کیلئے بھی مسلسل جدوجہد کرتے رہے۔ انہوں نے اپنی زندگی ملک و قوم اور دین اسلام کیلئے وقف کر رکھی تھی۔

جڑانوالہ: سابق سی ای او ہیلتھ نکانہ کیخلاف پیڈا ایکٹ کے تحت انکوائری کا حکم

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: سابق سی ای او ہیلتھ نکانہ اور ایم ایس تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جڑانوالہ ڈاکٹر قربان علی رانا کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت انکوائری کا حکم لاہور: سیکرٹری ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے سابق سی ای او ہیلتھ نکانہ اور سابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ THQ ہسپتال جڑانوالہ ڈاکٹر قربان علی رانا کے خلاف پنجاب ایمپلائز ایفیشنسی، ڈسپلن اینڈ اکاؤنٹیبلٹی (PEDA) ایکٹ کے تحت باقاعدہ انکوائری کا حکم دے دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ اقدام مبینہ بے ضابطگیوں، اختیارات کے ناجائز استعمال اور انتظامی امور میں کوتاہیوں کی شکایات موصول ہونے پر اٹھایا گیا۔

اوکاڑہ، وارداتوں میں ملوث گینگز کے ارکان حراست میں کھڑے ہیں

ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ عمر میلہ گوجرہ میں ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لے رہے ہیں

شاہکوٹ، گیس بحران بے قابو، معمولات زندگی درہم برہم، نوٹس کا مطالبہ

دو وارڈ 15-14 میں مکمل بلیک آؤٹ، گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے، مکینوں کا احتجاج

شاہکوٹ (نمائندہ حریف) شاہکوٹ میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا، وارڈ نمبر 14 اور 15 میں گیس کی مکمل بندش نے شہریوں کی زندگی مفلوج کر دی ہے، جبکہ شہر کے دیگر علاقوں میں بھی لوڈشیڈنگ اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے صورتحال اس قدر خراب ہو چکی ہے کہ گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور شہری شدید پریشانی میں مبتلا ہیں علاقہ مکینوں کے مطابق کئی روز سے گیس کی مکمل بندش کے باعث کھانا پکانا ناممکن ہو چکا ہے، جس سے خواتین، بچے اور بزرگ سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں دوسری جانب دیگر محلوں میں بھی گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار شکایات کے باوجود متعلقہ ادارے کوئی عملی اقدام اٹھانے میں ناکام رہے ہیں، جس سے انتظامیہ کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھ رہے ہیں عوام کا کہنا ہے کہ لگتا ہے انتظامیہ خواب خرگوش کے مزے لے رہی ہے اور شہریوں کی مشکلات سے مکمل طور پر لاتعلق ہو چکی ہے متاثرین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ اگر گیس کی فراہمی فوری بحال نہ کی گئی تو وہ سڑکوں پر نکل کر بھرپور احتجاج کریں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

موڑ کھنڈا، نائب صدر محمد افضل کی زیر صدارت آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کا اجلاس

منصب علی شیخ اور اس کے بھائی آصف علی مال شیخ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی

موڑ کھنڈا (نمائندہ حریف) محمد افضل آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کا ایک اجلاس موڑ کھنڈا الشیخ پلازہ میں منعقد ہوا جس کی صدارت چوہدری محمد افضل مرکزی نائب صدر آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن موڑ کھنڈا نے کی جس میں گجر ایسوسی ایشن کے تمام عہدے داروں اور آصف علی رضا سحابی موڑ کھنڈا نے حاجی منصب علی شیخ اور اس کے بھائی آصف علی مال شیخ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی بعد میں تمام عہدے داروں کو حاجی صاحبان کی طرف سے پرتکلف دعوت پیش کی گئی۔

قلم کی حرمت پر سمجھوتا نہیں کیا جاسکتا، رانا محمد راشد خاں

پیکا ایکٹ اور صحافیوں پر بے جا مقدمات آزادی صحافت پر قدغن ہے، میڈیا سے گفتگو

ٹیکسلا (سٹی رپورٹر) قلم کی حرمت پر سمجھوتا نہیں کیا جا سکتا، رانا محمد راشد خاں پیکا ایکٹ اور صحافیوں پر بے جا مقدمات آزادی صحافت پر قدغن ہے، سینئر صحافی تفصیلات کے مطابق عالمی یوم صحافت کے موقع پر سرپرست اعلیٰ اتحاد پریس کلب ٹیکسلا رانا محمد راشد خاں مچ نے اپنے خصوصی پیغام میں صحافتی برادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا صحافت محض ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک مقدس مشن اور ریاست کا چوتھا ستون ہے۔ آج کا دن ہمیں ان تمام صحافیوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے حق اور سچ کی خاطر اپنی جانیں تک قربان کردیں سرپرست اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ ایک آزاد اور خودمختار معاشرے کی تشکیل کے لیے صحافت کی آزادی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قلم کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا انہوں نے اتحاد پریس کلب مظلوموں کی آواز بن کر اپنا سفر جاری رکھے گا۔

چوتھے ستون صحافت کو ایک ادارہ کی شکل دی جائے: محمد عمران سلفی

صحافیوں کو اصل مسائل خود کو سوشل میڈیا پر صحافی ظاہر کرنے والوں کی وجہ سے ہیں

مصطفیٰ آباد (لالیانی) (نامہ نگار) ریاست کے چوتھے ستون صحافت کو ایک ادارہ کی شکل دی جائے، صحافیوں کو ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس کی طرف سے کارڈ جاری ہونے چاہئے تاکہ بوقت ضرورت وہ اسے استعمال کر سکے، صحافیوں کو اصل مسائل خود کو سوشل میڈیا پر صحافی ظاہر کرنے والوں کی وجہ سے ہیں، ایسے افراد جو شعبہ صحافت کی اہمیت کو نہیں سمجھتے اس کی ذمہ داریوں کو نہیں سمجھتے، اصل میں ایسے لوگ شعبہ صحافت کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں، اگر ہر ضلع کے ڈسٹرکٹ انفارمیشن کی طرف سے صحافیوں کو کارڈ جاری کئے جائیں تو ایسے مسائل سے بچا جاسکتا ہے، ڈسٹرکٹ انفارمیشن ہر الیکشن میں صحافیوں کو الیکشن کوریج کیلئے کارڈ جاری کرسکتا ہے تو مستقل بنیادوں پر کارڈ جاری کرنا کوئی مشکل نہیں، ان خیالات کا اظہار محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد لالیانی رجسٹرڈ نے 3 مئی عالمی یوم آزادی کے حوالے سے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں شہید ہونے والے صحافیوں کیلئے دعائے مغفرت کی گئی، حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ قتل ہونے والے صحافیوں کو پنگامی بنیادوں پر انصاف فراہم کیا جائے صحافیوں کے قتل میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، دوران کوریج صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے والوں کے خلاف دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے انہیں جیل بھیجا جائے، عوام کو صحیح خبر فراہم کرنے میں صحافیوں کی خدمات قابل تحسین ہیں، حکومت سے ہر ضلع میں صحافی کالونی بنانے کا مطالبہ کرتے ہیں، تقریب میں جنرل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلیٰ بابا طارق مقبول، چیئرمین سینٹر محمد حسین، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سینئر نائب صدر مہر علی مہران، عمر حیات میو، شاہد عمر، محمد اکمل کھوکھر، مہر عبدالقیوم، رانا توقیر احمد، زرار علی خاں، ارشد علی شاہی، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، ودیگر نے گفتگو کی۔

شہید ذوالفقار علی بھٹو عظیم مدبر اور عوامی رہنما تھے: روبینہ شاہین

بینظیر بھٹو نے جمہوریت کی بحالی کیلئے لازوال قربانیاں دیں، خواتین کو بااختیار بنانے میں کردار ادا کیا

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محترمہ روبینہ شاہین ڈوٹو نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو ایک عظیم مدبر اور عوامی رہنما تھے جنہوں نے پاکستان کو متفقہ آئین دیا اور عوام کو سیاسی شعور بخشا۔ جبکہ بے نظیر بھٹو نے جمہوریت کی بحالی کے لیے لازوال قربانیاں دیں اور خواتین کو بااختیار بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری نے ملک میں جمہوری تسلسل کو برقرار رکھا اور مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا، نوجوان قیادت کے طور پر عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم عمل ہیں اور پارٹی کے نظریے کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آج بھی عوامی خدمت، جمہوریت کی مضبوطی اور غریب طبقے کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سحابیوں سے ایک ملاقات میں کیا۔ بعد ازاں وہ بصیر پور پہنچیں جہاں صاحبزادہ پروفیسر ڈاکٹر حافظ مقصود احمد صاحب کی رہائش گاہ پر قرآن میں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور شاندار تواضع کی گئی۔ اس موقع پر نعت خوانی کا اہتمام بھی کیا گیا اور مرحوم میاں منظور احمد خاں ڈوٹو کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔ اس موقع پر بصیر پور کی اہم سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔ بعد ازاں محترمہ روبینہ شاہین ڈوٹو نے مرحوم میاں منظور احمد خاں ڈوٹو کے دیرینہ دوست ملک چھنو اور میاں سعید مجگر، قاری محمد ارشد سمیت محمد طارق مجگر کی والدہ کے لیے بھی فاتحہ خوانی کی۔ مزید برآں وہ بصیر پور کے معروف سیاسی گھرانے فوجدار گروپ کے روح رواں میاں بلال احمد فوجدار کے گھر بھی گئیں جہاں ان کی بھابھی کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔

تنظیم سازی کو مضبوط بنا کر پارٹی کو عوامی سطح پر مزید فعال کیا جائیگا، آصف خاں

پارٹی کے ہر دور حکومت میں مزدوروں کی اجرتوں اور تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا: عمران ڈوگر

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر شیخوپورہ چوہدری آصف خاں اور ضلعی جنرل سیکرٹری عمران صابر ڈوگر نے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات لاہور ڈویژن ریاض علی قریشی کے دفتر نارنگ منڈی کا دورہ کیا جہاں پارٹی امور، تنظیم سازی اور آئندہ عام انتخابات کے حوالے سے تفصیلی جائزہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران حلقہ این اے 113 اور پی پی 136 میں پارٹی کو مزید متحرک اور منظم بنانے کے لیے مختلف تجاویز زیر غور آئیں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ نچلی سطح تک تنظیم سازی کو مضبوط بنا کر پارٹی کو عوامی سطح پر مزید فعال کیا جائے گا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک عوامی جماعت ہے جو ہمیشہ عام آدمی اور مزدور طبقے کے حقوق کی علمبردار رہی ہے انہوں نے کہا کہ پارٹی کے ہر دور حکومت میں مزدوروں کی اجرتوں اور تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا اور عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی گئی انہوں نے مزید کہا کہ آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری پنجاب میں پارٹی کو فعال بنانے کے لیے بھرپور جدوجہد کر رہے ہیں عام آدمی تک ریلیف پہنچانے کے لیے نارنگ منڈی اور اس کے گردونواح سمیت ہر یونین کونسل کی سطح پر تنظیم سازی کی جارہی ہے تاکہ پارٹی کو مزید مضبوط اور موثر بنایا جاسکے اس موقع پر سٹی صدر غلام غوث بٹر، ملک الطاف، جاوید ربانی اور ملک گڈو بھی موجود تھے بعد ازاں پارٹی رہنماؤں نے ضلعی رہنما سید اشرف شاہ کی اہلیہ کے انتقال پر ان کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔

بہاولنگر، نئے تعینات ہونیوالے تحصیلدار حارث ڈوگر سے سیکرٹری کوآرڈینیشن رفیق رحمانی، کلیم اللہ ملاقات کر رہے ہیں

ریونیو سے متعلقہ تمام امور کو میرٹ کے مطابق نمٹایا جائے: حارث ڈوگر

سست روی، بدعنوانی اور غیر ذمہ دارانہ رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، تحصیلدار

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریونیو سے متعلقہ تمام امور کو میرٹ، شفافیت اور قانون کے مطابق نمٹایا جائے سست روی، بدعنوانی اور غیر ذمہ دارانہ رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ محمد حارث ڈوگر۔ تمام عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، محنت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ سرانجام دیں اور عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ عوامی فلاح اور خدمت ہی ہمارا اصل مقصد ہے ان خیالات کا اظہار تحصیلدار محمد حارث ڈوگر نے اپنے آفس میں سیکرٹری کوآرڈینیشن بہاولنگر پریس کلب محمد رفیق رحمانی اور کلیم اللہ سے گفتگو کرتے ہوئے۔ سیکرٹری کوآرڈینیشن بہاولنگر پریس کلب محمد رفیق رحمانی اور کلیم اللہ نے تحصیلدار محمد حارث ڈوگر کو خوش آمدید کہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تحصیلدار نے کہا کہ عوام الناس کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کے لیے کھلے ہیں تاکہ کوئی بھی شہری بلا جھجک اپنی شکایت یا درخواست پیش کر سکے۔ محمد حارث ڈوگر نے کہا کہ محکمہ مال کے تمام معاملات میں شفافیت لانا، زمینوں کے اندراج، فرد اور انتقالات کے کام کو جدید خطوط پر استوار کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

پاکستان کیخلاف جارحیت کا مظاہرہ کرنیوالوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے، حاجی محمد نواز

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر و سابق رکن پنجاب اسمبلی حاجی محمد نواز نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم کا ملک دشمن عناصر کیلئے واضح پیغام ہے کہ ہم پاکستان کے خلاف جارحیت کا مظاہرہ کرنے والوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے اور اتحاد و یکجہتی کو فروغ دے کر ملکی مسائل و مشکلات کے تدارک کی خاطر مشترکہ کردار ادا کریں گے، پاکستان عوام ملکی سالمیت اور تعمیر و ترقی کے فیصلوں میں ہمیشہ قومی مفاد کو مدنظر رکھے اللہ تعالیٰ کی نصرت اور عوام کی تائید سے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنانے اور اسے ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں لانے کا سفر جاری و ساری رہے گا۔

پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کا سی پی او اور پولیس ٹیم کو خراج تحسین

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن گ

آبنائے ہرمز تنازع، نئی پیش رفت

امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ آج سے ہرمز میں پھنسے جہازوں کو نکالنے کا عمل شروع کریں گے، ایران، مشرق وسطیٰ اور امریکا کی بہتری کے لیے ان ممالک کے جہازوں کو باحفاظت باہر نکالیں گے جن کا مشرق وسطیٰ تنازع سے کوئی لینا دینا نہیں تاکہ وہ آسانی سے اپنا بزنس کرسکیں۔

انھوں نے کہا کہ یہ سب انسانی ہمدردی پر ہوگا، انھوں نے کہا کہ امریکی حکام مشرق وسطیٰ کو درہم برہم کرنے والی جنگ کے خاتمے کے لیے ممکنہ اقدامات پر ایران کے ساتھ ''انتہائی مثبت بات چیت'' کررہے ہیں۔

ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ امریکا نے پاکستان کے ذریعے اس کی 14 نکاتی تجویز کا جواب دے دیا ہے جس کا جائزہ لیا جارہا ہے، اس مرحلے پر ہم کوئی جوہری مذاکرات نہیں کررہے ہیں۔ ایران کا 14 نکاتی منصوبہ جنگ کے خاتمے پر مرکوز ہے۔

دوسری جانب ٹرمپ کو ایران جنگ کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور عوامی مخالفت کا سامنا ہے۔ جنگ کی لاگت، توانائی بحران، کانگریس میں بے چینی، ریپبلکن پارٹی کے اندر بھی تشویش، تنازع پر وسیع پیمانے پر ہر طبقے میں ناپسندیدگی پائی جاتی ہے۔ امریکی صدر کی مقبولیت نئی کم ترین سطح پر، عوام کی بڑی تعداد نے سروے میں ان کی قیادت اور ایران جنگ پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔

مشرقِ وسطیٰ کی حالیہ کشیدگی نے ایک بار پھر عالمی سیاست کے بنیادی تضادات کو عیاں کر دیا ہے، جہاں طاقت، مفاد، نظریہ اور بقا کی جدوجہد ایک دوسرے میں اس طرح پیوست ہوچکی ہے کہ کسی ایک عنصر کو الگ کر کے سمجھنا ممکن نہیں رہا۔

امریکا اور ایران کے درمیان جاری تناؤ بظاہر ایک علاقائی تنازع محسوس ہوتا ہے، مگر اس کے اثرات عالمی معیشت، توانائی کی ترسیل، سفارتی توازن اور حتیٰ کہ عالمی نظامِ اقتدار تک پھیلے ہوئے ہیں۔

ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں امریکا کی پالیسی اور ایران کی مزاحمتی حکمت عملی ایک ایسے تصادم کی شکل اختیار کرچکی ہے جس میں دونوں فریق بیک وقت دباؤ بھی بڑھا رہے ہیں اور مذاکرات کے دروازے بھی بند نہیں کر رہے۔

ایران کی جانب سے پیش کیا گیا 14 نکاتی منصوبہ محض ایک سفارتی دستاویز نہیں بلکہ ایک مکمل تزویراتی خاکہ ہے جس میں جنگ کے خاتمے، اقتصادی بحالی، علاقائی توازن اور عالمی طاقتوں کے ساتھ تعلقات کو ایک جامع فریم ورک میں سمیٹنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس منصوبے میں امریکی افواج کے انخلا، پابندیوں کے خاتمے، منجمد اثاثوں کی بحالی اور آبنائے ہرمز کے لیے نئے طریقہ کار جیسے نکات شامل ہیں، جو اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ ایران اس بحران کو محض وقتی جنگ بندی تک محدود نہیں رکھنا چاہتا بلکہ ایک دیرپا سیاسی حل کی تلاش میں ہے۔

تاہم اس کے ساتھ ہی پاسدارانِ انقلاب کی سخت زبان اور امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کی دھمکیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ ایران اپنی عسکری صلاحیت کو بطور دباؤ استعمال کررہا ہے۔

آبنائے ہرمز اس پورے تنازع کا مرکزی نقطہ بن چکی ہے۔ یہ محض ایک سمندری گزرگاہ نہیں بلکہ عالمی معیشت کی شہ رگ ہے جہاں سے دنیا کی ایک بڑی مقدار میں تیل اور گیس گزرتی ہے۔

ایران کی جانب سے اس گزرگاہ کو محدود کرنے یا اس پر کنٹرول بڑھانے کی کوشش دراصل ایک تزویراتی ہتھیار کے طور پر استعمال ہورہی ہے۔ اگر یہ راستہ مکمل یا جزوی طور پر بند ہوتا ہے تو اس کے اثرات فوری طور پر عالمی توانائی منڈیوں میں محسوس ہوتے ہیں، قیمتیں بڑھتی ہیں اور معاشی عدم استحکام پیدا ہوتا ہے۔

امریکا کی حکمت عملی میں ایک واضح ابہام پایا جاتا ہے۔ ایک طرف ڈونلڈ ٹرمپ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ایران کے ساتھ ''انتہائی مثبت بات چیت'' جاری ہے اور وہ انسانی بنیادوں پر جہازوں کو محفوظ راستہ فراہم کرنا چاہتے ہیں، جب کہ دوسری طرف وہ ایرانی تجاویز کو ناقابل قبول قرار دے کر طاقت کے استعمال کی دھمکی دیتے ہیں۔

یہ تضاد دراصل امریکی داخلی سیاست اور عالمی دباؤ کا نتیجہ ہے۔ جنگی اخراجات، جواب تک اربوں ڈالر تک پہنچ چکے ہیں اور توانائی بحران نے امریکی عوام میں بے چینی پیدا کردی ہے۔ سروے رپورٹس کے مطابق عوام کی ایک بڑی تعداد اس جنگ کو غیر ضروری سمجھتی ہے، جس کے باعث صدر کی مقبولیت میں کمی واقع ہورہی ہے۔

امریکی کانگریس اور خود ریپبلکن پارٹی کے اندر بھی اس پالیسی پر سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ یہ صورتحال اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ امریکا کے لیے یہ جنگ نہ صرف عسکری بلکہ سیاسی لحاظ سے بھی مہنگی ثابت ہورہی ہے۔

اس تناظر میں دیکھا جائے تو ایران کے خلاف سخت موقف اپنانا اور ساتھ ہی مذاکرات کی بات کرنا ایک ایسی حکمت عملی ہے جس کا مقصد داخلی اور خارجی دونوں محاذوں پر توازن برقرار رکھنا ہے۔

مزید دریافت کریں
پاکستان کی خبریں
Newspapers
اردو خبریں
پی ایس ایل
لائیو ٹی وی

ایران کی جانب سے جوہری پروگرام کو مذاکرات میں شامل کرنے پر آمادگی ایک اہم اور قابل غور پیش رفت ہے۔ یورینیم افزودگی کو 5.3 فیصد تک محدود کرنے کی پیشکش اس بات کا اشارہ ہے کہ ایران اپنے موقف میں لچک پیدا کررہا ہے۔

یہاں یہ سوال بھی اہم ہے کہ آیا امریکا ایران کی ان شرائط کو قبول کرنے کی پوزیشن میں ہے یا نہیں۔ امریکی پالیسی کا ایک بنیادی ستون یہ رہا ہے کہ ایران کے جوہری پروگرام کو مکمل طور پر محدود کیا جائے اور اس کے علاقائی اثر و رسوخ کو کم کیا جائے۔

ایسے میں ایران کی طرف سے پیش کی گئی شرائط کو مکمل طور پر قبول کرنا امریکا کے لیے سیاسی طور پر مشکل ہوسکتا ہے، خصوصاً اس وقت جب داخلی سطح پر پہلے ہی مخالفت بڑھ رہی ہو۔

اس پورے بحران میں پاکستان کا کردار غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان ایک ثالث کے طور پر ابھر رہا ہے، جو ایران اور امریکا کے درمیان پیغامات کی ترسیل اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کررہا ہے۔

یہ کردار پاکستان کے لیے ایک سفارتی موقع بھی ہے اور ایک آزمائش بھی۔ ایک جانب وہ عالمی سطح پر اپنی اہمیت بڑھا سکتا ہے، جب کہ دوسری جانب اسے اپنے قومی مفادات، خصوصاً توانائی کی ضروریات اور اقتصادی استحکام، کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا۔

پاکستان کی معیشت پہلے ہی توانائی بحران کا شکار ہے، اور آبنائے ہرمز میں کشیدگی اس مسئلے کو مزید سنگین بنا سکتی ہے۔ ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ، جو طویل عرصے سے تعطل کا شکار ہے، ایک بار پھر اہمیت اختیار کر رہا ہے، اگر اس تنازع کے نتیجے میں امریکی پابندیوں میں نرمی آتی ہے تو یہ منصوبہ پاکستان کے لیے ایک بڑی معاشی سہولت ثابت ہوسکتا ہے۔

تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان اپنی سفارتی حکمت عملی میں توازن برقرار رکھے اور کسی ایک فریق کی طرف جھکاؤ سے گریز کرے۔ عالمی سطح پر اس تنازع کے اثرات نہایت گہرے ہیں۔ یورپی ممالک، خصوصاً جرمنی، ایران سے جوہری پروگرام ترک کرنے اور آبنائے ہرمز کھولنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔ادارہ

خطے پر جنگ کے بادل

سلمان عابد

بظاہر امریکا اور ایران کے درمیان جنگ ٹلی ہوئی ہے اور سیز فائر موجود ہے۔ لیکن اس کے باوجود جنگ کے بادل موجود ہیں۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اب جنگ ختم ہوگئی ہے یہ بھی مکمل سچ نہیں۔ کیونکہ جنگ کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں جو کسی نہ کسی شکل میں ہمیں ایک دوسرے کے خلاف دیکھنے کو ملتی ہیں۔

اگرچہ باقاعدہ امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی یا مذاکرات کے دوسرے دور کی سیاسی بیٹھک اسلام آباد میں نہیں سج سکی اور بہت سے لوگوں نے مذاکرات میں موجود اس ڈیڈ لاک کو ناکامی کا نام بھی دیا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ امریکا اور ایران کی طرف سے یہ جنگ اب بھی کسی نہ کسی صورت میں سفارتی یا ابلاغ کے محاذ پر جاری ہے۔

لیکن اس جنگ نے آج نہیں تو کل کسی معاہدے کی شکل میں ختم ہونا ہے۔ اسی بنیاد پر امریکا، ایران، پاکستان، مصر، ترکی، سعودی عرب، چین اور روس کے درمیان مختلف حوالوں سے معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے پس پردہ ڈپلومیسی کا عمل چل رہا ہے۔ جس میں ایک دوسرے کی سخت شرائط اور تجاویز کی بنیاد پر کچھ لو اور کچھ دو کے تحت قابل قبول فارمولہ بھی تلاش کیا جارہا ہے۔

بنیادی مسئلہ امریکا اور ایران کے درمیان گہری بداعتمادی اور بھروسے کی کمی کا ہے۔ بالخصوص ایران کسی بھی صورت میں امریکا پر کسی بھروسہ کے لیے تیار نہیں۔ اس کے لیے اسے بالخصوص چین اور روس کی حمایت اور ضمانت درکار ہے۔

اسی لیے اب جو خفیہ ڈپلومیسی چل رہی ہے اس میں پاکستان، سعودی عرب اور چین سمیت روس کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ پاکستان کا کردار بدستور اب بھی موجود ہے اور پاکستان باہمی رابطوں میں ایک بڑے ثالث کے طور پر سامنے آیا ہے۔

پاکستان کی بنیادی ضرورت جہاں اپنے اس کردار کی مدد سے اپنی اہمیت کو عالمی سیاست میں تسلیم کروانا ہے وہیں اسے جو استحکام درکار ہے وہ اس کی اپنی داخلی سیاسی ضرورت کے زمرے میں آتا ہے۔

ایران کے بارے میں ایک مہم یہ بھی دیکھنے کو ملی ہے کہ ایران مذاکرات کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن کر سامنے آیا اور اسی بنیاد پر ایران پر کچھ حلقے تنقید بھی کر رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مذاکرات کا دوسرا دور ایران کی وجہ سے ممکن نہیں ہوسکا۔

لیکن یہ حالات کیونکر پیدا ہوئے اس کا بھی تجزیہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اول، امریکی صدر ٹرمپ کا اپنا کردار جس میں تضادات اور دھمکیوں یا یوٹرن پر مبنی بیانات نے ایران میں مخالفانہ ردعمل کو جنم دیا۔

دوئم، امریکا نے یہ تاثر دیا کہ مذاکرات کی بنیاد اسی صورت میں ممکن ہوگی جب ایران امریکی شرائط پر عمل کرے گا یعنی امریکا ایران پر ڈکٹیشن کی بنیاد پر آگے بڑھنا چاہتا تھا، سوئم امریکا نے فوری طور پر ایسے عملی اقدامات جو سازگار حالات کو بنانے میں موثر ہوتے ہیں یا وہ اسرائیل کے عزائم کو روکتا تو اس میں بھی کوئی اقدامات دیکھنے کو نہیں ملے۔

چہارم، امریکا اس مذاکرات اور معاہدے کی بنیاد پر یہ تاثر دنیا کی سیاست میں قائم کرنا چاہتا تھا اور ہے کہ ہمیں ایران کے مقابلے میں کامیابی اور ایران کو پسپائی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

یقیناً یہ سب کچھ ایران کے لیے قابل قبول نہیں تھا اور اس نے امریکا کے خلاف جو جنگ کئی دہائیوں سے لڑی ہے اور اب بھی یہ جنگ لڑی جا رہی ہے وہ کسی کمزور معاہدے کے لیے نہیں تھی اور ایسی صورت میں خود ایران کو امریکا کے حوالے سے اپنی داخلی سیاست میں مزاحمت کا سامنا کرنا پڑ سکتا تھا جس میں پاسداران انقلاب ایسے کسی کمزور سمجھوتہ کو قبول نہیں کرے گی جس میں ایران کی کمزوری کا تاثر قائم ہو۔

ایران اب اس مسئلہ کو محض امریکا یا اسرائیل تک محدود ہو کر نہیں دیکھ رہا بلکہ وہ ان مذاکرات کو بنیاد بنا کر ایک بڑے علاقائی فریم ورک میں دیکھ رہا ہے۔ وہ سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک کو اس نقطہ کی طرف بھی لانا چاہتا ہے کہ ان کے اپنے ملکوں میں موجود امریکی اڈے ان کی سلامتی کی بجائے ان کے لیے خطرہ بن گئے ہیں۔

اس لیے ایران مشرق وسطیٰ کی سیاست میں سعودی عرب اور خلیجی ممالک سمیت پاکستان کو اپنے قریب لا کر ایک بڑے علاقائی فریم ورک میں کام کرنے کا خواہش مند ہے اور اس بات کا ایرانی قیادت نے مختلف طریقوں سے اشارہ بھی دیا ہے۔

لیکن اس میں بھی ایران کے لیے ایک بڑا مسئلہ اس کے اور سعودی عرب یا خلیجی ممالک کے درمیان بہت سے معاملات پر تحفظات یا بداعتمادی کا ماحول ہے جس کے خاتمہ میں سب کو غیر معمولی سطح کے اقدامات کی ضرورت ہے۔

اب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی یا معاہدہ محض اب ان دو ملکوں تک محدود نہیں رہا بلکہ اس میں دیگر ممالک اور علاقائی طاقتیں بالخصوص چین اور روس کا کردار بھی بڑھ گیا ہے۔ اس لیے فوری طور پر ان فریقوں میں معاہدے کا کسی بھی صورت میں سامنے آنا معمولی عمل نہیں بلکہ مشکل عمل ہوگا۔

معاہدے کے کچھ نکات پر اتفاق ہوسکتا ہے اور باقی معاملات پر بات چیت کا عمل آگے بڑھتا رہے گا۔ لیکن اگر آگے کوئی مثبت پیش رفت نہیں ہوتی تو پھر ان میں مختلف شکلوں میں نہ صرف نئے تنازعات اور ٹکراؤ جنم لیں گے بلکہ اس امکان کو بھی مکمل طور پر مسترد نہیں کیا جاسکتا کہ ہمیں ان بعض ممالک میں ایک دوسرے کے خلاف پراکسی جنگ جیسے مسائل کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

اس لیے جنگ کی یہ کشمکش مشرق وسطیٰ میں جاری رہ سکتی ہے اور اس میں عالمی اور علاقائی قوتیں بھی خود کو اس جنگ سے باہر نہیں رکھ سکیں گی۔ ایران کو اس جنگ میں ایک بنیادی فائدہ یہ ہوا ہے کہ اس جنگ کے بعد پوری دنیا میں امریکا اور امریکی صدر ٹرمپ کے خلاف ایران حملے پر نفرت بڑھی ہے۔

ٹرمپ کی داخلی سیاست سمیت ان کی مقبولیت کمزور ہوئی ہے ان کے اپنے حکومتی اور دفاعی ساتھی چھوڑ گئے ہیں اور نیٹو ممالک نے بھی ان کا ساتھ دینے سے انکار کردیا ہے۔ اسی طرح امریکا نے جو یہ تاثر قائم کیا تھا کہ وہ فوری جنگ کے نتیجے میں ایران جنگ سے نہ صرف اپنے مطلوبہ نتائج حاصل کرلے گا بلکہ وہاں رجیم چینج بھی ہوجائے گی وہ ممکن نہیں ہوسکا، ایران کی جنگ میں مزاحمت نے امریکا کو حیران بھی کیا اور پسپائی پر مجبور بھی کیا۔

اسلحہ تجارت پر دس ممالک کا تسلط

وسعت اللہ جان

شائد آپ کو یاد ہو کہ جب انیس سو نواسی نوے کے زمانے میں سوویت یونین ٹوٹ رہا تھا اور دنیا واحد سپر پاور (امریکا) پر مبنی نئے عالمی نظام کی بازگشت سے گونج رہی تھی۔ تب چند تجزیاتی خوش فہم یہ تبلیغ کررہے تھے کہ سرد جنگ کے خاتمے سے ہم پہلے سے زیادہ محفوظ ہوگئے ہیں چنانچہ دو سپر پاورز پر مبنی پرانے ورلڈ آرڈر کی کمر توڑ مسابقت کے برعکس بدلی ہوئی دنیا میں ریاستیں اسلحے پر کم خرچ کریں گی اور اضافی پیسہ سوشل سیکٹر پر لگائیں گی۔

جب یہ خوش فہم ایسی لاف زنی کررہے تھے تو عالمی (امریکی) اسلحہ ساز کمپنیوں کے کرتا دھرتا زیرِ لب مسکرا رہے تھے۔ ملٹری انڈسٹریل کمپلیکس کے بورڈ رومز میں نئی جنگیں ایجاد ہو رہی تھیں۔ اس کمپلیکس کی مرادیں توقع سے بہت پہلے ہی بر آئیں۔ نائن الیون کے سانحے نے گویا بلی کے بھاگوں چھینکا توڑ دیا۔ سوویت یونین کی جگہ ایک نیا دشمن چین کی شکل میں دریافت کرلیا گیا۔

وہ دن اور آج کا دن پولیٹیکل انڈسٹریل ملٹری کمپلیکس مسلسل ہنسی خوشی رہ رہا ہے۔ انیس سو انچاس سے اب تک ریاستیں ایک سو ٹریلین ڈالر سے زائد رقم اسلحے پر خرچ کرچکی ہیں۔ اس بجٹ میں سے ساڑھے اکیاون فیصد (ساڑھے ترپن ٹریلین ڈالر) صرف ایک ملک نے خرچ کیے اور وہ ہے امریکا۔

جتنے انسان چالیس سالہ سرد جنگ میں ہلاک ہوئے ان سے دوگنے انیس سو نوے کے بعد سے اب تک ایجاد کردہ سیکڑوں چھوٹی بڑی جنگوں میں مارے جاچکے ہیں۔ اسلحہ پہلے سے زیادہ پیچیدہ، مہلک اور مہنگا ہوگیا ہے۔ جنگ زمین اور فضا سے نکل کے خلا میں پہنچ چکی ہے۔ یعنی ہماری دنیا پہلے کسی بھی زمانے سے زیادہ غیر محفوظ ہوچکی ہے۔

آپ اس سے اندازہ لگایئے کہ سال انیس سو اٹھاسی میں دنیا نے اسلحے پر ایک اعشاریہ سات ٹریلین ڈالر خرچ کیے۔ دو ہزار نو میں یہ بجٹ دو ٹریلین ڈالر تک پہنچ گیا۔ دو ہزار سولہ سے اب تک یورپ کے فوجی اخراجات دوگنے ہوچکے ہیں۔

گذشتہ ایک دہائی میں مشرقی یورپی ممالک کے جنگی اخراجات میں بالخصوص ایک سو بہتر فیصد اضافہ ہوا جو تاریخ میں کسی بھی ایک دہائی میں کسی ایک خطے میں سب سے زیادہ مجموعی اضافہ ہے۔ آج عالمی فوجی بجٹ تین ٹریلین ڈالر چھو رہا ہے۔ یعنی سرد جنگ کے خاتمے کے بعد فوجی اخراجات کم ہونے کے بجائے دوگنا ہوگئے۔

اس تناظر میں اگر ہم آبادی اور وسائل کے اعتبار سے ریاستوں کے انفرادی جنگی اخراجات دیکھیں تو تصویر اور واضح ہوتی ہے۔ مثلاً اسٹاک ہوم پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سپری) کے مطابق قطر اپنی آبادی کے تناسب سے اسلحے پر سب سے زیادہ رقم خرچ کررہا ہے۔

دو ہزار چھ میں قطر کے جنگی اخراجات بارہ سو اکتیس ڈالر فی کس تھے جو انیس سو بائیس تک بڑھ کے پانچ ہزار چار سو اٹھائیس ڈالر فی کس ہو گئے۔ یعنی سولہ برس میں تین سو چالیس فیصد اضافہ۔

اسرائیل کے فوجی اخراجات اس عرصے میں تیرہ سو ساٹھ ڈالر سے بڑھ کے پانچ ہزار ایک سو آٹھ ڈالر فی کس ہوگئے یعنی دو سو چھہتر فیصد کا اضافہ۔ اس عرصے میں ناروے کے دفاعی اخرجات میں ایک سو اکیاسی فیصد اضافہ ہوا۔

مگر یوکرین نے تو حد ہی کردی۔ دو ہزار چھ میں یوکرین کے فوجی اخراجات تریسٹھ ڈالر فی کس تھے۔ دو ہزار پچیس میں یہ بڑھ کے دو ہزار ایک سو ستانوے ڈالر فی کس ہوگئے۔ یعنی انیس برس میں تین ہزار تین سو ستاسی فیصد اضافہ۔ اس کی ایک وجہ دو ہزار چودہ میں جزیرہ نما کرائمیا پر روسی قبضہ اور فروری دو ہزار بائیس سے جاری جنگ ہے۔

اس تناظر میں جب ہم دوسری عالمی جنگ کے بعد سے اب تک کے پچاسی برس کا جائزہ لیں تو کوئی ایک وجہ بھی نظر نہیں آتی جو امید کی فاختہ کے پر کھول سکے۔

اسلحے کے کاروبار پر پچھلی آٹھ دہائیوں سے گنے چنے ممالک کی گنی چنی کمپنیوں کا ہی قبضہ ہے۔ اگر ہم صرف دو ہزار سولہ تا دو ہزار پچیس کے دور کو ہی دیکھ لیں تو اس عرصے میں دو سو پچانوے بلین ڈالر کے ہتھیار بیچے گئے۔

ان میں سے انتالیس فیصد ہتھیار (ایک سو پندرہ بلین ڈالر) میڈ ان یو ایس اے تھے۔ دو ہزار بیس تا چوبیس کے چار برس میں پینٹا گون نے اگلی ایک دہائی کے لیے دو اعشاریہ چار ٹریلین مالیت کے ایڈوانس اسلحہ کے ٹھیکے امریکی پرائیویٹ سیکٹر کو دیے۔ ان میں سے ایک تہائی ٹھیکے (سات سو اکہتر ارب ڈالر) پانچ امریکی کمپنیوں (لاک ہیڈ مارٹن، آر ٹی ایکس، بوئنگ، جنرل ڈائنامکس اور نارتھروپ گرومین) کو ملے۔

دو ہزار سولہ تا پچیس کے پیریڈ میں اسلحہ فروخت کرنے والے دوسرے بڑے ملک روس کے پاس عالمی مارکیٹ کا تیرہ فیصد شیئر (چالیس ارب ڈالر)، فرانس کے پاس نو اعشاریہ تین فیصد شیئر (اٹھائیس ارب ڈالر)، چینی اور جرمن اسلحہ ساز کمپنیوں کے پاس ساڑھے پانچ پانچ فیصد شیئرز (سولہ، سولہ ارب ڈالر) ہے، اسرائیل کے پاس گلوبل اسلحہ تجارت کا تین اعشاریہ آٹھ فیصد شیئر (گیارہ ارب ڈالر)، اٹلی کے پاس تین اعشاریہ سات فیصد شیئر (گیارہ ارب ڈالر)، برطانیہ کے پاس تین اعشاریہ چار فیصد شیئر (دس ارب ڈالر)، جنوبی کوریا کے پاس دو اعشاریہ آٹھ فیصد شیئر (آٹھ ارب ڈالر)، اسپین کے پاس دو اعشاریہ تین فیصد شیئر (سات ارب ڈالر) اور دیگر متفرق ممالک کے پاس بارہ فیصد شیئر (تینتیس بلین ڈالر) رہا۔

یعنی آسان زبان میں دنیا میں اٹھاسی فیصد اسلحہ دس ممالک کی کمپنیوں نے فروخت کیا۔ موجودہ وائٹ ہاؤس انتظامیہ تو دو ہزار اٹھائیس میں رخصت ہو جائے گی مگر ٹرمپ نے اپنی دوسری مدتِ صدارت کے پہلے ہی برس میں میزائیلوں سے تحفظ کے گولڈن ڈوم پروجیکٹ کے زریعے امریکی اسلحہ ساز کمپنیوں کے اگلے دس سنہری برسوں کو یقینی بنا دیا ہے۔

اگر اگلی انتظامیہ گولڈن ڈوم منصوبے کو منسوخ بھی کردے تب بھی جو ایڈوانس پیسہ امریکی شہریوں کی جیب سے تحفظ کے نام پر نکال کے ملٹری انڈسٹریل کمپلیکس کے حوالے ہوچکا ہے وہ تو واپس ملنے سے رہا۔ ایسا پہلی بار نہیں ہوا۔ انیس سو اسی کی دہائی میں اسٹار وار پروجیکٹ پر بھی ارب ہا ڈالر خرچ کر کے اسے دس برس کے اندر اسکریپ کر دیا گیا تھا۔ نہ کوئی سوال، نہ جواب نہ احتساب۔

شائد آپ کو یاد ہو کہ جب انیس سو نواسی نوے کے زمانے میں سوویت یونین ٹوٹ رہا تھا اور دنیا واحد سپر پاور (امریکا) پر مبنی نئے عالمی نظام کی بازگشت سے گونج رہی تھی۔ تب چند تجزیاتی خوش فہم یہ تبلیغ کررہے تھے کہ سرد جنگ کے خاتمے سے ہم پہلے سے زیادہ محفوظ ہوگئے ہیں چنانچہ دو سپر پاورز پر مبنی پرانے ورلڈ آرڈر کی کمر توڑ مسابقت کے برعکس بدلی ہوئی دنیا میں ریاستیں اسلحے پر کم خرچ کریں گی اور اضافی پیسہ سوشل سیکٹر پر لگائیں گی۔

جب یہ خوش فہم ایسی لاف زنی کررہے تھے تو عالمی (امریکی) اسلحہ ساز کمپنیوں کے کرتا دھرتا زیرِ لب مسکرا رہے تھے۔ ملٹری انڈسٹریل کمپلیکس کے بورڈ رومز میں نئی جنگیں ایجاد ہو رہی تھیں۔ اس کمپلیکس کی مرادیں توقع سے بہت پہلے ہی بر آئیں۔ نائن الیون کے سانحے نے گویا بلی کے بھاگوں چھینکا توڑ دیا۔ سوویت یونین کی جگہ ایک نیا دشمن چین کی شکل میں دریافت کرلیا گیا۔

وہ دن اور آج کا دن پولیٹیکل انڈسٹریل ملٹری کمپلیکس مسلسل ہنسی خوشی رہ رہا ہے۔ انیس سو انچاس سے اب تک ریاستیں ایک سو ٹریلین ڈالر سے زائد رقم اسلحے پر خرچ کرچکی ہیں۔ اس بجٹ میں سے ساڑھے اکیاون فیصد (ساڑھے ترپن ٹریلین ڈالر) صرف ایک ملک نے خرچ کیے اور وہ ہے امریکا۔

جتنے انسان چالیس سالہ سرد جنگ میں ہلاک ہوئے ان سے دوگنے انیس سو نوے کے بعد سے اب تک ایجاد کردہ سیکڑوں چھوٹی بڑی جنگوں میں مارے جاچکے ہیں۔ اسلحہ پہلے سے زیادہ پیچیدہ، مہلک اور مہنگا ہوگیا ہے۔ جنگ زمین اور فضا سے نکل کے خلا میں پہنچ چکی ہے۔ یعنی ہماری دنیا پہلے کسی بھی زمانے سے زیادہ غیر محفوظ ہوچکی ہے۔

آپ اس سے اندازہ لگایئے کہ سال انیس سو اٹھاسی میں دنیا نے اسلحے پر ایک اعشاریہ سات ٹریلین ڈالر خرچ کیے۔ دو ہزار نو میں یہ بجٹ دو ٹریلین ڈالر تک پہنچ گیا۔ دو ہزار سولہ سے اب تک یورپ کے فوجی اخراجات دوگنے ہوچکے ہیں۔

گذشتہ ایک دہائی میں مشرقی یورپی ممالک کے جنگی اخراجات میں بالخصوص ایک سو بہتر فیصد اضافہ ہوا جو تاریخ میں کسی بھی ایک دہائی میں کسی ایک خطے میں سب سے زیادہ مجموعی اضافہ ہے۔ آج عالمی فوجی بجٹ تین ٹریلین ڈالر چھو رہا ہے۔ یعنی سرد جنگ کے خاتمے کے بعد فوجی اخراجات کم ہونے کے بجائے دوگنا ہوگئے۔

اس تناظر میں اگر ہم آبادی اور وسائل کے اعتبار سے ریاستوں کے انفرادی جنگی اخراجات دیکھیں تو تصویر اور واضح ہوتی ہے۔ مثلاً اسٹاک ہوم پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سپری) کے مطابق قطر اپنی آبادی کے تناسب سے اسلحے پر سب سے زیادہ رقم خرچ کررہا ہے۔

دو ہزار چھ میں قطر کے جنگی اخراجات بارہ سو اکتیس ڈالر فی کس تھے جو انیس سو بائیس تک بڑھ کے پانچ ہزار چار سو اٹھائیس ڈالر فی کس ہو گئے۔ یعنی سولہ برس میں تین سو چالیس فیصد اضافہ۔

اسرائیل کے فوجی اخراجات اس عرصے میں تیرہ سو ساٹھ ڈالر سے بڑھ کے پانچ ہزار ایک سو آٹھ ڈالر فی کس ہوگئے یعنی دو سو چھہتر فیصد کا اضافہ۔ اس عرصے میں ناروے کے دفاعی اخرجات میں ایک سو اکیاسی فیصد اضافہ ہوا۔

ایران کے خلاف دوبارہ جارحیت!

ایم جے گوہر

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے خلاف جنگ میں اپنی مبینہ ہزیمت کو چھپانے اور خود ساختہ کامیابی کے دعوؤں کو درست ثابت کرنے کے لیے دھونس، دھمکیوں کے بعد اپنے اندر کا غصہ سخت الفاظ کی صورت میں دنیا کے سامنے لا کر اپنی انا کی جھوٹی تسکین کی کوشش کرتے رہے، اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے ورغلانے پر ایران کے خلاف صدر ٹرمپ نے جس جنگ کا آغاز کیا ہے اسے کسی جانب سے کوئی پذیرائی نہیں مل رہی ہے۔

امریکا کے اپنے اتحادی ایران کے خلاف جنگی اقدام کو غیر ضروری قرار دے کر جنگ کا حصہ بننے سے انکار کرچکے ہیں۔

ایران نے آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز کو بند کر کے امریکا پر ایسا کاری وار کیا ہے کہ ہزار ہا کوششوں اور اپنے اتحادیوں کی منت سماجت اور آبنائے ہرمز کھلوانے میں مدد کی اپیلیں کرنے کے باوجود کوئی ان کی مدد کو نہ آیا تو امریکا نے ہرمز کی ناکہ بندی کر دی۔ ایران کو پاور پلانٹ اور بجلی گھروں اور پل تباہ کر دینے اور پتھر کے زمانے میں پہنچانے جیسی خوف ناک دھمکیاں دینے کے باوجود ایرانی قیادت یکجہتی اور ثابت قدمی کی مثال بن کر امریکا کے خلاف ڈٹی ہوئی ہے اور آبنائے ہرمز کھولنے پر اسی صورت آمادہ ہے کہ امریکا ایران کی شرائط پر معاہدہ کرے اور جنگ بندی پر راضی ہو۔

اس ضمن میں پاکستان کی ثالثی میں ہونے والی کوششیں تا حال جاری ہیں۔ ہر دو جانب سے امید اور توقعات کا اظہار بھی کیا جارہا ہے اور کڑی شرائط بھی پیش کی جارہی ہیں۔ ایران ضمانت چاہتا ہے کہ امریکا و اسرائیل جنگ بندی کے بعد دوبارہ جارحیت کے ارتکاب سے باز رہیں۔

اس حوالے سے چین اور پاکستان کے تعاون سے جو پانچ نکاتی امن معاہدہ فارمولا بھی زیر غور آیا ہے اس پر پیش رفت کی مکمل تفصیلات ابھی میڈیا کے سامنے نہیں آئی ہیں۔

پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف، نائب وزیر اعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پس پردہ نہایت فعال کردار ادا کررہے ہیں اور امریکا، سعودی عرب، ترکیہ، مصر اور ایرانی قیادت سے مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ جلد کسی حتمی نتیجے پر پہنچ سکیں۔

آبنائے ہرمز کی بندش سے پوری دنیا میں تیل کی ترسیل جس بری طرح متاثر ہوئی ہے، اس نے عالمی معاشی نظام کو زوردار جھٹکے لگائے ہیں، تیل کی فی بیرل قیمتیں 100 ڈالر سے زائد ہوچکی ہیں۔ جنگ بندی کو اب تقریباً ایک ماہ سے زائد عرصہ گزر گیا، آبنائے ہرمز بند ہے۔

کہا جارہا ہے کہ صدر ٹرمپ کی جھنجھلاہٹ کی سب سے بڑی وجہ آبنائے ہرمز کی بندش ہے جس نے صدر ٹرمپ کو ایسے ذہنی ہیجان میں مبتلا کر دیا ہے کہ وہ ایران کے خلاف دشنام طرازی پر اتر آئے ہیں۔

ان کے صبح شام بدلتے ہوئے بیانات سے ناامیدی، مایوسی اور پسپائی جھلک رہی ہے۔ شومئی قسمت دیکھیے کہ ملک کے طاقتور صدر ہونے کے باوجود ان کی اپنی فوج کے جنرلز ان کے احکامات کی تعمیل کرنے سے انکار کرتے رہے ہیں، جس کے نتیجے میں انھیں اپنے عہدوں سے برطرفی کا سامنا کرنا پڑا۔

امریکی سینیٹر زصدر ٹرمپ کو 25 ویں آئینی ترمیم کے تحت صدارت کے منصب سے ہٹانے کے لیے لابنگ کر رہے ہیں۔ امریکی آئین کی 25 ویں ترمیم کے تحت صدر کی معذوری یا عہدہ خالی ہونے کی صورت میں نائب صدر اور کابینہ اختیارات سنبھال سکتی ہے تاہم یہ ایک مشکل عمل ہے۔

مبصرین اور تجزیہ نگاروں کے مطابق اس کے لی

INTERESTING AND WEIRD NEWS

دلچسپ وعجیب

ہرکیولیس کا 2000 سال قدیم مجسمہ دریافت

سنہ 356 قبل مسیح میں شہر کا نام میسیڈون کے فِلپ دوم نے بدلا اور 14 ویں صدی عیسوی میں شہر کو عثمانیوں نے فتح کیا۔

ایتھنز: یونان کے ماہرین آثار قدیمہ نے کھدائی کے دوران دیومالائی کردار ہرکیولیس کا 2 ہزار سال قدیم مجسمہ دریافت کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرسٹوٹل یونیورسٹی کے محققین کی ٹیم نے یہ مجسمہ قدیم شہر فلپی سے دریافت کیا جو بھی رومی اور بازنطینی سلطنتوں کا حصہ تھا۔ مذکورہ مجسمہ اگرچہ کچھ حصوں سے ٹوٹا ہوا ہے تاہم ماہرین اسے درست حالت میں قرار دے رہے ہیں۔ رومیوں کی دیو مالائی کہانیوں میں ہرکیولیس کا کردار یونانیوں کے ہیراکلیس کے مساوی ہے۔ دیو مالائی کہانیوں میں ہرکیولیس اپنی بے مثال طاقت کے حوالے جانا جاتا ہے۔ ہرکیولیس کو تصاویر میں عموماً کاندھوں میں شیر کی کھال کا جبہ اوڑھے اور ہاتھ میں ڈنڈا پکڑے دکھایا جاتا ہے۔ پروفیسر اور طلبا کے گروپ نے موقع سے یہ تمام چیزیں دریافت کیں جس سے انہیں مجسمے کی شناخت بطور ہرکیولیس کرنے میں مدد ملی۔ شہر کے مرکزی راستوں میں سے ایک کے مشرقی حصے سے دریافت ہونے والے مجسمہ کے متعلق محققین کا ماننا ہے کہ یہ مجسمہ آٹھویں یا نویں صدی عیسوی میں بازنطینی دور کے آخری وقت میں کسی عمارت میں نصب تھا۔ واضح رہے کہ فلپی یونان کا ایک اہم شہر تھا جس کا قدیم نام کریڈیز تھا۔ اس شہر کو تھیسین نوآباد کاروں، جن کا تعلق قریبی جزیرے تھیسوس سے تھا، نے 359-360 قبل مسیح میں آباد کیا تھا۔ سنہ 356 قبل مسیح میں شہر کا نام میسیڈون کے فِلپ دوم نے بدلا اور 14 ویں صدی عیسوی میں شہر کو عثمانیوں نے فتح کیا۔

روبوٹ اب فرائز تیار کرے گا، مگر کیسے؟

یک روبوٹک کیمروں اور مصنوعی ذہانت کی مدد سے حرکت کرتا ہے

کیلیفورنیا: کیلیفورنیا کی ایک کمپنی نے فلپی 2 کے نام سے ایسے روبوٹ تیار کرنا شروع کردیے ہیں جو خودکار انداز میں آلو اور پیاز کے فرائز تیار کر لینے کے علاوہ دیگر کھانے بھی تیار کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یک روبوٹک بازو کیمروں اور مصنوعی ذہانت کی مدد سے حرکت کرتے ہوئے فریزر سے آلو اور پیاز کے منجمد شدہ کے فرائز نکال کر انہیں ابلتے ہوئے تیل میں ڈال دیتا ہے، صرف یہی نہیں بلکہ تیار شدہ فرائز کو ٹرے میں بھی منتقل کرتا ہے اور کھانے کیلئے پیش کرتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق فلپی 2 روبوٹ کی خاص بات یہ ہے کہ متعدد کھانے مختلف ریسپیز کے ساتھ بیک وقت تیار کرسکتا ہے، جس کے باعث کیٹرنگ کرنے والے اسٹاف کی پہلے جتنی ضرورت نہیں ہوتی۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو مائیک بیل کا کہنا ہے کہ روبوٹ انسانی اسٹاف کے مقابلے زیادہ تیزی سے کام کرتا ہے جبکہ انسانوں سے زیادہ خوش بھی رہتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ روبوٹ کی تیاری میں پانچ سال لگے، جسے فلپ برگرز کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔

ہزار سال سے زائد عرصہ پرانے سونے کے سِکوں کی دریافت

جنگ کے خوف سے بھاگنے والے شخص نے دیوار کے نیچے دبائے ہوں گے، ماہرین

یروشلم: اسرائیلی ماہرین آثار قدیمہ نے ایک دیوار میں چھپے 1000 سال سے زائد عرصہ پرانے 44 سونے کے سکے دریافت کیے ہیں۔ یہ سکے گولان پہاڑیوں میں ہیپیاس کے مقام پر بہنے والے چشمے پر ایک پتھر کی دیوار کی بنیاد میں کی جانے والی کھدائی کے دوران ملے۔ اسرائیل اسٹیکیٹیز اتھارٹیز کے ڈائریکٹر ایلی اسکیو سیڈو کا کہنا تھا کہ سکوں کا یہ ذخیرہ آثار قدیمہ کی ایک انتہائی اہم دریافت ہے کیوں کہ اس کا تعلق ہیپیاس شہر اور اس پورے خطے کے عبوری دور سے ہے۔ ادارے کے مطابق ماہرین نے یہ سکے ہیپیاس) جو بعد میں ہیپیاس کے نام سے جانا گیا (کے قدیم شہر سے دریافت کیے۔ یہ شہر ماضی میں ڈرخیزی کے خدا پین (Pan) کے حوالے سے مذہبی رسومات کے لیے خدمات انجام دیتا تھا۔ اسی نام سے پر بعد میں شہر کا یونانی نام رکھا گیا۔ ڈاکٹر گیبریلا ایجو وسکی کا کہنا تھا کہ سکوں میں سب سے پرانا سکہ بازنطینی بادشاہ فوکس کے دور کا ہے جس نے 602 عیسوی سے 610 عیسوی تک حکومت کی۔ جبکہ سب سے نئے سکے کا تعلق اسی صدی کے اگلے حصے میں جب مسلمانوں نے یہ خطہ فتح کیا اس وقت سے ہے۔ ادارے میں کھدائی کے ڈائریکٹر یو لیرر کا کہنا تھا کہ یہ سکے ممکنہ طور پر جنگ کے خوف سے بھاگنے والے شخص نے اس امید پر دبائے ہوں گے کہ واپس آکر یہاں سے اپنی ملکیت نکال لے گا۔

بیوی نے شوہر کی سابقہ محبوبہ سے دوسری شادی کروادی

نئی دہلی: خاوند کی محبت میں بھارتی خاتون نے اپنے ہی شوہر کی سابقہ محبوبہ سے شادی کروادی۔

ایسا شاذ و نادر ہی دیکھنے کو ملتا ہے کہ کسی بیوی نے اپنی شوہر کی دوسری شادی کروائی ہو اور سوتن بننے والے خاتون شوہر کی سابقہ محبوبہ ہو۔ جی ہاں! بھارتی ریاست آندھرا پردیش میں یہ انوکھا واقعہ پیش آیا جہاں ایک خاتون نے اپنے شوہر کی اس کی سابقہ محبوبہ سے شادی کروائی۔ تروپتی شہر کے ایک مقامی ویڈیو مواد تخلیق کرنے والے کلیان کی سوشل میڈیا پر ویلہ نامی خاتون سے دوستی کے بعد شادی ہوئی۔ شادی کو کچھ وقت گزرا تو ویلہ کو پتہ چلا کہ اس کے شوہر کے ماضی میں وشاکا پٹم کی کسی خاتون سے رومانوی تعلقات تھے، جو کلیان سے اب بھی شادی کی خواہاں ہے۔ ویلہ نے اپنے شوہر کی دوسری شادی کا خود اہتمام کیا اور دونوں کی شادی کروادی جس کے بعد تینوں ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔

بھارتی شہری کو سانپ کو چومنا مہنگا پڑ گیا، ویڈیو وائرل

نئی دہلی: بھارت میں زہریلے سانپ کو چومنے کی کوشش کرنے والے شہری کے ہونٹوں پر سانپ نے ڈس لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سانپ کے ڈسنے کا واقعہ بھارتی ریاست کرناٹک کے ضلع شیاموگا میں پیش آیا جہاں ایک شخص سانپ کے منہ پر بوسہ دینے کی کوشش کر رہا تھا اور جواباً سانپ نے بھی شہری کا بوسہ لے لیا۔ واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ جب متاثرہ شخص سانپ کے پہلے پھن کو چومنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ پلک جھپکتے ہی اس کے ہونٹ پر کاٹ لیتا ہے جس پر وہ گھبرا کر سانپ کو پھینک دیتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سانپ کے بوسے کا نشانہ بننے والے شخص کو بچا لیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کا کہنا ہے کہ واقعے کی ویڈیو وائرل ہونے پر صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصرے بھی سامنے آرہے ہیں، ایک صارف نے کہا کہ ایک بہت ہی مناسب جوابی بوسہ، کبھی جنگلی جانوروں کے ساتھ کھیلنے کی کوشش مت کریں۔

امریکا میں ایک ٹن سے وزنی کدو کی کاشت کا ریکارڈ

نیویارک: امریکا میں ایک شخص نے ایک ٹن سے زیادہ کے وزن کا کدو اگا کر نئی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ امریکی ریاست نیویارک کے ایک گاں ولیمز ول سے تعلق رکھنے والے اسکاٹ اینڈروز اپنا اگایا ہوا کدو کلیرینس کے گریٹ پمپکن فام لے کر گئے جہاں اس کے وزن کی پیمائش کی۔ پیمائش کیے جانے پر اس کا وزن 1158 کلو آیا جو گزشتہ ریکارڈ سے 12 کلو زیادہ تھا۔ تاہم، یہ کدو 67 کلو کمی کی وجہ سے گینیز عالمی ریکارڈ نہ بنا سکا۔ وزنی کدو کا عالمی ریکارڈ اٹلی کے اسٹیفانو کررونی کے پاس ہے جنہوں نے 1225 کلو وزنی اگا کر یہ ریکارڈ 2021 میں اپنے نام کیا تھا۔ اسکاٹ اینڈروز نے ریکارڈ کے ساتھ 5500 ڈالرز کا انعام بھی اپنے نام کیا۔

شیر خوار بچوں سے زیادہ ذہین طوطے

ڈبے کا ڈھکن اپنی چونچ سے پکڑتے ہیں اور پنجے کی مدد سے کھولنے کی کوشش کرتے ہیں

میونخ: ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ کوکاٹوز طوطے شیر خوار بچوں سے زیادہ ذہین ہوتے ہیں جو کوڑے کا ڈھکن کھولنے اور یہ عمل ایک دوسرے کو سکھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ میکس پلانک انسٹیٹیوٹ میں کی جانے والی ایک تحقیق میں سائنس دانوں کا کہنا تھا کہ سڈنی کے مضافاتی علاقوں میں پائے جانے والے کوکاٹوز، میں کوڑے دان کا ڈھکن ہٹانے کی صلاحیت موجود ہے اور وہ اسے اپنے ساتھیوں کو باقاعدہ سکھاتے بھی ہیں۔ میکس پلانک انسٹیٹیوٹ آف انٹیگریٹو بیہیویئرل سائنس دان اور تحقیق کی سربراہ مصنفہ ڈاکٹر باربرا کلمپ کا کہنا تھا کہ جب انہوں نے کوکاٹوز کے کچرے دان کا ڈھکن کھولنے کی ویڈیو پہلی بار دیکھی تو وہ بہت دلچسپ تھی۔ یہ ایک منفرد برتاؤ تھا جس کو دیکھنے کی ضرورت تھی۔ طوطوں کی ذہانت سے متاثر ہوکر جرمن محققین نے اس چیز کا مطالعہ کیا کہ ایسے کتنے طوطے ہیں جنہوں نے یہ عمل سیکھا تھا۔ اس حوالے سے تین مضافاتی علاقوں میں ٹیمیں بھیجی گئیں جنہوں نے 44 طوطوں کی نگرانی کی۔ طوطوں کی یہ قسم اپنی ذہانت کی وجہ سے جانی جاتی ہے اور مختلف مطالعوں میں دیکھا جاچکا ہے کہ یہ طوطے انسان کے چھوٹے بچوں سے زیادہ ذہین ہوتے ہیں۔ کوڑے دانوں کا ڈھکن اٹھاتے 160 پرندوں کی ویڈیوز کا تجزیہ کرنے اور اس عمل کے جغرافیہ پھیلاؤ کا معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹر باربرا کلمپ اور ان کے ساتھیوں کو یہ سمجھ آیا کہ زیادہ تر نے یہ طریقہ دیگر کو دیکھ کر سیکھا تھا۔ پرندوں کے لیے ایسا کرنا کارنامے سے کم نہیں، یہ ڈبے کا ڈھکن اپنی چونچ سے پکڑتے اور پنجے کی مدد سے کھولنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پھر وہ ڈھکن کو اٹھا کر پیچھے کی جانب گرا دیتے ہیں جس سے اندر کھانے پینے کی اشیا عیاں ہوجاتی ہیں۔ کوکاٹوز کے ایسا کرنے کا مقصد ڈبے میں پڑا کھانا ہوتا ہے۔

Health News

آدھے سر کا درد کا تعلق ڈیمینشیا کے خطرات میں اضافے سے ہے، تحقیق

مائیگرین سے دنیا بھر کی 15 فی صد آبادی متاثر ہوتی ہے اور زیادہ تر نوجوان اور درمیانی عمر کے افراد اس میں مبتلا ہوتے ہیں

مائیگرین سے دنیا بھر کی 15 فی صد آبادی متاثر ہوتی ہے اور زیادہ تر نوجوان اور درمیانی عمر کے افراد اس میں مبتلا ہوتے ہیں مائیگرین سے دنیا بھر کی 15 فی صد آبادی متاثر ہوتی ہے اور زیادہ تر نوجوان اور درمیانی عمر کے افراد اس میں مبتلا ہوتے ہیں لندن: ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ آدھے سر کے درد کا تعلق ڈیمینشیا کا مرض لاحق ہونے کے خطرات میں اضافے سے ہے۔ Journal of Headache and Pain میں شائع ہونے والی تحقیق میں محققین نے کورین نیشنل ہیلتھ انشورنس اسکریننگ کے 2002 سے 2019 تک کے ڈیٹا کا جائزہ لیا تاکہ اس بات کا تعین کیا جاسکے کہ آیا جو مریض مائیگرین میں مبتلا ہیں ان میں ان لوگوں کی نسبت جو مائیگرین میں مبتلا نہیں ہیں ڈیمینشیا کے خطرات زیادہ ہے یا نہیں۔ سائنس دانوں کی جانب سے مجموعی طور پر 88 ہزار 390 افراد کے ڈیٹا کا جائزہ لیا گیا جن میں 44 ہزار 195 افراد مائیگرین میں مبتلا تھے جبکہ باقی 44 ہزار 195 افراد مائیگرین میں مبتلا نہیں تھے۔ مائیگرین ایک اعصابی مسئلہ ہے جس میں شدید سر درد ہوتا ہے اور یہ اکثر اپنے ساتھ اور اکی علامات رکھتا۔ یہ علامت اپنے اندر فالج اور دل کے دورے کے خطرات رکھتی ہے۔ مائیگرین سے دنیا بھر کی 15 فی صد آبادی متاثر ہوتی ہے اور زیادہ تر نوجوان اور درمیانی عمر کے افراد اس میں مبتلا ہوتے ہیں جبکہ ڈیمینشیا بوڑھے لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔ اس نئی تحقیق میں سائنس دانوں نے 16 سال کے عرصے پر محیط جائزے میں مائیگرین کی تشخیص کے بعد مختلف اقسام کے ڈیمینشیا کے خطرات کا جائزہ لیا گیا۔ تحقیق میں مائیگرین میں مبتلا ہر 10 ہزار مریضوں میں ڈیمینشیا کے 139.6 کیسز سامنے آئے جبکہ وہ مریض جو ڈیمینشیا میں مبتلا نہیں تھے ان میں یہ شرح 107.7 کیسز کی تھی۔ محققین کا کہنا تھا کہ مائیگرین کے مریضوں کے ڈیمینشیا کے مرض میں مبتلا ہونے کے امکانات زیادہ تھے۔

کورونا انفیکشن یادداشت اور سوچنے کے عمل کو نقصان پہنچا سکتا ہے، تحقیق

ساتھ ہی سائنس دانوں نے انفیکشن کے دماغ پر اثرات کے متعلق بھی بتایا



لندن: برطانیہ میں ہونے والی ایک تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ کورونا انفیکشنز یادداشت اور سوچنے کے عمل جیسے بنیادی دماغی افعال کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ کنگز کالج لندن کے محققین نے ایک تحقیق میں کووڈ کے اعصابی عمل پر پڑنے والے اثرات کو معلوم کرنے کے لیے ڈیلیریم میں مبتلا مریضوں کے خون کو دماغی خلیوں پر افشا کیا۔ ڈیلیریم ایک ایسی ذہنی کیفیت ہوتی ہے جس میں مریض کنفیوژ ہوتا ہے اور صاف طریقے سے سوچنے یا کچھ یاد رکھنے کے قابل نہیں ہوتا۔ محققین نے یہ خلیے دماغ کے سوچنے، یاد داشت اور سیکھنے کی صلاحیت کے لیے اہم حصے ہپوکیمپس سے لیے اور مشاہدہ کیا کہ کس طرح متاثرہ مریضوں کے سیرم نے ان خلیوں کو متاثر کیا۔ تحقیق میں اس بات کا بھی مشاہدہ کیا گیا کہ کورونا سے متاثر ہونے والے مریضوں میں ڈیلیریم ہونے کے پیچھے کیا وجوہات ہوسکتی ہیں۔ ساتھ ہی سائنس دانوں نے انفیکشن کے دماغ پر اثرات کے متعلق بھی بتایا۔ محققین کے مطابق یہ تحقیق کووڈ مریضوں میں کنفیوژن، اضطراب اور یاد داشت کے کم ہوجانے کی علامات کو کم کرنے کے لیے ہونے والے ممکنہ علاج کے حوالے سے مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سے قبل سائنس دانوں نے بتایا تھا کہ 20 سے 30 فی صد کووڈ مریضوں میں ڈیلیریم جیسی اعصابی علامات پیدا ہونے کے امکانات ہوتے ہیں۔

کھانوں کی خوشبو معمر افراد میں بھولے لمحات یاد دِلا سکتی ہے، تحقیق

کچھ کھانوں کی خوشبو ڈیمینشیا کے مریضوں میں یادداشت کی تعمیرِ نو کو ممکن کرسکتی ہے، تحقیق

لنکا شائر: ہماری زندگی کے یادگار لمحات عموماً مخصوص کھانوں سے جڑے ہوتے ہیں۔ کوئی تقریب ہو یا دوستوں کی بیٹھک کھانا کسی نہ کسی روپ میں اس موقع کو یادگار بنا دیتا ہے۔ برطانیہ میں کی جانے والی ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ کچھ کھانوں کی خوشبو ڈیمینشیا کے مریضوں میں یادداشت کی تعمیرِ نو کو ممکن کرسکتی ہے۔ لنکا شائر کی لنکیسٹر یونیورسٹی کے محققین نے ایک تحقیق میں بوڑھے افراد کو ان کی جوانی کے دور کے کھانوں کے ذائقے چکھائے جس کے بعد ان کو اہم لمحات کی یادداشت واضح ہوگئی۔ سائنس دانوں کی ٹیم کو امید ہے کہ تحقیق کے نتائج ڈیمینشیا کے مریضوں کی یادداشت کی دوبارہ تعمیر میں مدد کے لیے نئی تکنیک کی راہ ہموار کریں گے۔ تحقیق کے مصنف ڈاکٹر وائیوا کیلنی کائے کا کہنا تھا کہ بالآخر ہمارے پاس ایسی ٹیکنالوجی ہے جو مختلف کھانوں کے ذائقے اور خوشبو انتہائی موثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے یادداشت کی تعمیرِ نو کرسکتی ہے۔ یہ ہمیں ماضی یاد کرنے کے لیے دیے جانے والے مضبوط اشارے ہیں۔ نئی تحقیق میں محققین نے صرف اس بات پر توجہ مرکوز رکھی کہ کھانوں کے ذائقے کی خوشبو کس طرح واقعات یاد کرنے کے عمل کو متاثر کرتی ہے۔ تحقیق کے لیے ٹیم نے 12 بوڑھے افراد کا انتخاب کیا اور ان کی کل 72 یادداشتوں کو اکٹھا کیا۔ ان یادداشتوں میں نصف کا تعلق کھانے سے تھا جن میں کسی شادی میں بار بی کیو کھانا، چھٹیوں پر تھائی پکوان کھانا اور اسپتال میں اسٹرابیریز کھانا شامل تھا۔ ان یادداشتوں کے لیے محققین نے شرکا کے ساتھ مل کر تھری ڈی پرنٹڈ ذائقے دار چھوٹی گیندیں بنائی جن کو کھایا جاسکتا تھا اور یہ حقیقی کھانوں کی نقل تھیں۔ شرکا کو ان ذائقوں کو کھانے سے پہلے اور بعد میں اکٹھی کی گئی یادداشتوں کو یاد کرنے کے لیے کہا گیا۔ جس کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ کھانے کی خوشبو سے ان کی یادداشت واضح ہوگئی تھی۔

سبزی کھانیوالے افراد میں ڈپریشن کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، تحقیق

اگر غذائی اجزا کی کمی ڈپریشن کا باعث بنتی ہے تو اس ضمن میں تصدیق کے لیے مزید تحقیق کی ضرورت ہے

برازیل: ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ گوشت خوروں کے مقابلے میں سبزی کھانے والے افراد میں ڈپریشن کا خطرہ دوگنا زیادہ ہوتا ہے۔ جرنل آف Affective Disorders میں شائع ایک نئی طبی تحقیق میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ویگنیٹرین افراد کو گوشت خوروں سے زیادہ ڈپریشن کے خطرات لاحق ہوتے ہیں اور وہ تیزی سے ڈپریشن کا شکار ہوسکتے ہیں۔ مذکورہ تحقیق میں برازیل سے تعلق رکھنے والے 35 سے 74 سال کی عمر کے 14 ہزار سے زائد افراد کی غذائی عادات کا جائزہ لیا گیا۔ ان افراد سے کئی قسم کے سوالات کیے گئے جس میں ان سے یہ بھی پوچھا گیا کہ کیا انہیں گوشت کے مقابلے میں سبزیاں زیادہ پسند ہیں؟ اس کے بعد کلینیکل انٹرویو شیڈول ری وائزڈ) سی آئی ایس آر(نامی ٹول کو استعمال کرکے لوگوں میں ڈپریشن کا تعین کیا گیا جس سے معلوم ہوا کہ جو افراد سبزی کھانا زیادہ پسند کرتے ہیں ان میں گوشت خوروں کے مقابلے ڈپریشن کا امکان دوگنا زیادہ ہے۔ تحقیق کار اس کی کوئی مستند وجہ تو دریافت نہیں کرسکے تاہم ان کا کہنا ہے کہ گوشت میں پروٹین، آئرن، وٹامن بی اور زنک جیسے اجزا موجود ہوتے ہیں جو دماغی افعال کے لیے اہم ہوتے ہیں اور ممکنہ طور پر ڈپریشن سے تحفظ فراہم کرتے ہیں گوشت کا استعمال کم یا نہ کرنے کی وجہ سے اجزا کی جسم میں کمی ڈپریشن کی ممکنہ وجہ ہوسکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق جب کسی فرد کو مختلف غذائی اجزا کی کمی کا سامنا ہو تو اس سے مزاج پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں جبکہ انزائٹی اور تنا کا خطرہ بڑھتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر غذائی اجزا کی کمی ڈپریشن کا باعث بنتی ہے تو اس ضمن میں تصدیق کے لیے مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔

ماسک کے استعمال سے لوگوں کا برتاؤ مزید اخلاقی ہوا، تحقیق

چین میں ماسک کیا استعمال سے لوگوں میں اخلاقی آگاہی میں اضافہ ہوا، لہٰذا کچھ لوگ زیادہ قانون کے پاس دار ہوگئے

چین: ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ چین میں طبی وجوہات کی بنا پر فیس ماسک کے استعمال سے لوگوں کا برتاؤ مزید اخلاقی ہوا ہے۔ امریکا اور چین کے سائنس دانوں کی مشترکہ تحقیق میں کج رو رویوں پر کیے جانے والے 10 مطالعات کا جائزہ لیا گیا۔ ان رویوں میں سگنل پر سرخ بتی پر نہ رکنا، پارکنگ کے ضوابط کی خلاف ورزی کرنا اور چیزوں کے لیے دھوکا دہی کرنا وغیرہ شامل تھے۔ تحقیق میں یہ بات سامنے آئی کہ وہ لوگ جو ماسک سے چہرے کو ڈھانپتے تھے وہ چہرے نہ ڈھانپنے والوں کی نسبت کم غیر اخلاقی رویے برتتے تھے۔ محققین کا کہنا تھا کہ یہ امر عادتاً نہیں ہے۔ چین میں ماسک کیا استعمال سے لوگوں میں اخلاقی آگاہی میں اضافہ ہوا، لہٰذا کچھ لوگ زیادہ قانون کے پاس دار ہوگئے۔ میساچوسٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی)ایم آئی ٹی (کے ایسوسی ایٹ پروفیسر اور تحقیق کے شریک مصنف جیکسن لو کا کہنا تھا کہ تحقیق میں معلوم ہوا کہ چین میں ماسک اخلاقی علامت کے طور پر کام کرتا ہے جو ماسک پہننے والے کے کج رو رویے کو کم کرتا ہے۔ جیکسن لو اور ان کے شریک مصنفین نے واضح کیا کہ صرف ماسک نہیں بلکہ متعدد عوامل رویوں پر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ مجموعی طور پر محققین کے اندازے کے مطابق جب انہوں نے ماسک پہننے والوں اور نہ پہننے والوں کے درمیان موازنہ کیا تو ماسک پہننے والوں کے کج رو رویوں میں تقریباً چار فیصد تبدیلی دیکھی گئی۔

مصنوعی مٹھاس بڑھاپے میں یادداشت کے مسائل کا سبب بن سکتی ہے، تحقیق

مصنوعی مٹھاس چینی کا ذائقہ محسوس کرنے کی زبان کی صلاحیت کو کمزور کردیتی ہے، تحقیق

لاس اینجلس: ماہرین صحت اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ہمیں چینی کا استعمال کم کرنا چاہیے۔ جس کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض افراد ذائقے کو برقرار رکھنے کے لیے مصنوعی مٹھاس کا استعمال کرتے ہیں۔ لیکن اب مطالعوں میں یہ بات سامنے آنے لگ گئی ہے کہ چینی کے یہ متبادل بھی ہمارے جسم کو چینی سے زیادہ اور مختلف طریقوں سے نقصان پہنچا رہا ہے۔ ایک نئی تحقیق میں معلوم ہوا ہے کہ نوجوانی میں مصنوعی مٹھاس کا استعمال بڑھاپے میں سنجیدہ نوعیت کا طویل مدتی یادداشت کے مسائل کا سبب بن سکتا ہے۔ امریکی محققین کی جانب سے کی جانے والی اس تحقیق میں یہ بات سامنے آئی کہ مصنوعی مٹھاس میٹابولزم کو سست کردیتے ہیں جس کے نتیجے میں ذیابیطس کے خطرات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ JCI Insight نامی جرنل میں شائع ہونے والی تحقیق کے مطابق مصنوعی مٹھاس چینی کا ذائقہ محسوس کرنے کی زبان کی صلاحیت کو کمزور کردیتی ہے۔ جس کی وجہ سے لوگ مٹھاس کو محسوس کرنے کیلئے زیادہ چینی والے مشروبات یا کھانوں کا استعمال کرتے ہیں۔ یونیورسٹی آف ساتھ کیلیفورنیا سے تعلق رکھنے والے تحقیق کے شریک مصنف پروفیسر اسکاٹ کینوسکی کا کہنا تھا کہ تحقیق کے نتائج میں یہ نہیں کہا گیا کہ کسی کو کم کیلوریز والی مصنوعی مٹھاس استعمال نہیں کرنی چاہیے، بلکہ اس بات کو واضح کیا گیا کہ زندگی کے شروع کے دور میں اس کو عادتاً استعمال کرنے کے غیر متوقع طویل مدتی اثرات ہوسکتے ہیں۔ تحقیق میں محققین کی ٹیم نے چوہوں کو کم کیلوریز والے چینی کے مختلف متبادل ملا پانی پلایا۔ جبکہ چوہوں کے ایک دوسرے گروپ کو کھانے کے ساتھ سادہ پانی دیا گیا۔ ایک مہینے بعد جب جب بڑے ہوگئے تو تحقیق کے مصنفین نے دو مختلف تجربوں سے ان کی یادداشت کا معائنہ کیا۔ تجربے میں معلوم ہوا کہ جن چوہوں نے بڑے ہوتے ہوئے میٹھے مشروبات پیئے تھے ان کو یادداشت کے ٹیسٹ سے گزرنے میں سادہ پانی پینے والے چوہوں کی نسبت زیادہ مشکلات کا سامنا تھا۔

بقیہ 1

وزیراعظم نے ٹاسک فورس کی طرف سے پیش کردہ ایکشن پلان کی منظوری دی۔ وزیراعظم نے ایکشن پلان کو ٹائم لائنز کے ساتھ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے ٹیکس تنازعات کے جلد حل کے لیے اے ڈی آر نظام کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس نظام سے عدالتوں پر مقدمات کا بوجھ کم ہوگا اور ٹیکس مقدمات کا فیصلہ جلد ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کمیٹی کی رپورٹ میں مجوزہ سی ایل ایم ایس جلد از جلد قائم کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایف بی آر کے قانونی ونگ میں ضرورت کے مطابق بہترین افرادی قوت کی خدمات لی جائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ افرادی قوت کی خدمات کے حصول میں میرٹ کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں ٹاسک فورس نے 6 اصلاحات پر مبنی ایکشن پلان پیش کیا۔ پلان میں کیس سکروٹنی کمیٹیوں کی تشکیل، سی ایل ایم ایس، کمشنرز سمیت تمام افسران کی کارکردگی کی رپورٹس کا مقدمات کے نتائج سے منسلک کیا جانا اور دیگر اصلاحات شامل ہیں۔ بتایا گیا کہ ٹیکس کے تنازعات کے ڈیٹا کو منظم کرنے کے لیے خصوصی طور پر تیار کردہ سی ایل ایم ایس کا ڈیجیٹل نظام بنایا جائے گا، بتایا گیا کہ نئے نظام سے ٹیکس مقدمات اور تنازعات کی درست رپورٹنگ ممکن ہوگی جس سے ان مقدمات کی بروقت پیروی ہو سکے گی، اس سال اے ڈی آر کے فورم سے اب تک ٹیکس تنازعات کے فیصلوں سے قومی خزانے میں 24 ارب روپے وصول ہو چکے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احمد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، شاہد محمد خان سمیت ٹاسک فورس کے ارکان اور اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 2

زرداری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، قومی یکجہتی، بلوچستان میں امن وامان، تنظیمی امور اور این اے 256 کے ضمنی انتخاب سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ پاکستان اس وقت داخلی استحکام، سیاسی بصیرت اور قومی ہم آہنگی کا متقاضی ہے، اور ایسے نازک مرحلے میں تمام جمہوری و وفاقی قوتوں پر یہ قومی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذاتی و گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر ریاستی استحکام، آئینی بالادستی اور جمہوری تسلسل کے فروغ کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اس موقع پر بلوچستان کی موجودہ صورتحال، وہاں درپیش چیلنجز اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی مفاہمت، مؤثر حکمت عملی اور زمینی حقائق کے مطابق عوامی رابطوں کو ناگزیر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی نظریاتی و جغرافیائی تکمیل کا بنیادی ستون ہے، اور وہاں پائیدار امن، ترقی اور سیاسی استحکام کے بغیر قومی خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ میر شفیق الرحمن مینگل نے بلوچستان کے مختلف اضلاع خصوصاً جھالاوان اور گردونواح کی مجموعی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، قیامِ امن کی ضرورت، سیاسی کارکنوں کی فعالیت اور پارٹی تنظیم سازی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے باشعور عوام انتشار، جبر اور نفرت کی سیاست کو مسترد کر چکے ہیں اور وہ ایسے سیاسی بیانیے کے ساتھ کھڑے ہیں جو وفاقی وحدت، آئینی جدوجہد، عوامی خدمت اور جمہوری استحکام کا ضامن ہو۔ ملاقات میں این اے 256 کے ضمنی انتخاب کے حوالے سے بھی تفصیلی مشاورت ہوئی، جس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی اعتماد، نظریاتی وابستگی اور مضبوط تنظیمی ڈھانچے کی بنیاد پر بھرپور انداز میں میدان عمل کے اندر موجود ہے، اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ یہ انتخاب محض ایک نشست کا معرکہ نہیں بلکہ بلوچستان میں جمہوری، ترقی پسند اور وفاق دوست سیاسی فکر کی بالادستی کا اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ میر شفیق الرحمن مینگل نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اس نظریے کی امین ہے جس کی بنیاد عوامی حاکمیت، وفاقی یکجہتی، آئینی بالادستی اور محروم طبقات کے حقوق کے تحفظ پر استوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی قوتیں، تدبر، مکالمے اور قومی مفاد کی سیاست کے فروغ کیلئے ملک دشمن عناصر کی کھلی حوصلہ شکنی کریں تاکہ پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کو درپیش چیلنجز سے نکال کر امن و استحکام، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔ ملاقات کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی نظریاتی اساس، وفاقی وحدت، جمہوری اقدار اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی تاریخی جدوجہد جاری رکھے گی، جبکہ بلوچستان میں قیامِ امن، سیاسی استحکام اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 3

کے مریضوں کی تعداد ایک کروڑ سے زائد ہے۔ ہمارا ملک دنیا میں ہیپاٹائٹس سی کے بوجھ میں نمایاں حصہ رکھتا ہے جس کے پیش نظر فوری اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر میں 21 ہیپاٹائٹس سی تشخیصی کانٹرز قائم کئے جا رہے ہیں جن میں گلگت بلتستان میں 6 اور آزاد جموں و کشمیر میں 3 کانٹرز شامل ہیں۔ اسلام آباد میں پمز ہسپتال، فیڈرل جنرل ہسپتال (پولی کلینک)، نرم اور سی ڈی اے کے مراکز سمیت مختلف بنیادی مراکز صحت میں یہ کانٹرز قائم کئے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے میں اسلام آباد میں اس پروگرام کا دائرہ کار 84 صحت سہولیات تک بڑھایا جائے گا جبکہ گلگت بلتستان میں 618 اور آزاد جموں و کشمیر میں 1012 صحت مراکز تک توسیع دی جائے گی۔ وفاقی وزیر صحت نے ہدایت کی کہ اسلام آباد میں قائم کئے جانے والے 12 کانٹرز کو آئندہ ہفتے تک فعال کیا جائے اور متعلقہ ادارے تشخیصی کانٹرز پر سکریننگ کٹس اور دیگر ضروری سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ان کانٹرز کی سافٹ لانچنگ بھی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مثبت کیسز کی تصدیق کے لئے پی سی آر ٹیسٹ کیا جائے گا اور ہیپاٹائٹس سی کے تمام مریضوں کو مفت علاج فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بڑے پیمانے پر سکریننگ، بروقت تشخیص اور مؤثر علاج کے ذریعے ہی صحت کے نظام کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لئے مربوط اور مؤثر حکمت عملی ترتیب دی جا چکی ہے اور حکومت نے 2030 تک اس مرض کے خاتمے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس قومی مقصد کے حصول کے لئے تمام متعلقہ اداروں اور افراد کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے اور انسانی جانوں کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سی کا ملک بھر سے خاتمہ ایک قومی کاز ہے جس کے حصول کے لئے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ اجلاس میں وفاقی ہسپتالوں کے سربراہان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اسلام آباد، ڈائریکٹر پروگرام ہیپاٹائٹس سی، چیف ایگزیکٹو آفیسر قومی ادارہ صحت، ڈی جی ہیلتھ، ادارہ شماریات کے سی ای او، نادرا کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد ملک میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لئے تشخیصی کانٹرز کے قیام اور ان کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔

بقیہ 4

کے شوہر کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نظام کو ٹھیک کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے خلاف سیاسی کیسز ہیں، میرے وارنٹ نکالے گئے، میں نے کہا کہ مجھے ہتھکڑی لگا دیں، میں عدالت میں پیش ہوا، پولیس ساتھ تھی۔ کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ نظام ایسے ٹھیک نہیں ہوگا، 70 سال سے قوم کو گھما رہے ہیں، قائد اعظم زندہ رہتے اور بھٹو کو پھانسی نہ ہوتی تو نظام ٹھیک رہتا۔ انہوں نے کہا کہ 33 سال مارشل لا میں ملک گزارا تو نظام کیسے ٹھیک ہوگا؟ حقیقی جمہوریت کو ٹھیک کرنا پڑے گا۔ کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ ایران اسرائیل جنگ میں پاکستان کا کردار واضح ہے۔

بقیہ 5

پاک فوج کی چوکی پر خوارج کے حملے کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں مل گئے اور فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت سے ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کا دہشتگردی کے خلاف عزم غیر متزلزل ہے اور ملک میں امن و استحکام ہر قیمت پر قائم رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور دشمن کے ہر منصوبے کو ناکام بنایا جائے گا۔ محمد حنیف عباسی نے واقعے میں زخمی ہونے والے 7 شہریوں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ خوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک دشمن عناصر کو ہر محاذ پر شکست دی جائے گی۔

بقیہ 6

ہو رہا ہے۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تنخواہوں پر گزارا نہیں ہو رہا یہ باتیں ڈھکی چھپی نہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ غریب پر براوقت ہے، بجلی کے بلوں کی صورتِ حال سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ دعا کریں، معیشت بہتر ہو اور غریب کے حالات بہتر ہوں۔

بقیہ 7

انہوں نے اعلان کیا کہ اس کامیابی کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے پنجاب اسمبلی میں خصوصی اجلاس منعقد کیا جائے گا، جس میں متفقہ قرارداد بھی منظور کی جائے گی۔ پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر نے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعہ کو جواز بنا کر بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزامات عائد کیے اور خطے میں کشیدگی بڑھانے کی کوشش کی، تاہم پاکستان نے نہایت ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرتے ہوئے سفارتی محاذ پر اپنا مؤقف مؤثر انداز میں دنیا کے سامنے رکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ہر سطح پر شفاف تحقیقات اور غیر جانبدار ثالثی کی پیشکش کی، جو اس کے پُرامن اور ذمہ دار ریاست ہونے کا ثبوت ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ جنگی حالات میں سب سے پہلے سچ متاثر ہوتا ہے، مگر پاکستانی میڈیا نے پیشہ ورانہ دیانت داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حقائق کو درست انداز میں عالمی برادری تک پہنچایا۔ سپیکر نے واضح کیا کہ پاکستان مکمل دفاعی صلاحیت رکھتا ہے اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی اہلیت رکھتا ہے، تاہم اس کی اولین ترجیح خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے قومی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت، بالخصوص فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی حکمت عملی کو سراہا اور کہا کہ ان کی قیادت میں پاکستان نے نہ صرف دفاعی میدان میں کامیابی حاصل کی بلکہ عالمی سطح پر اپنا وقار بھی بلند کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف صوبے میں سماجی و ترقیاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر بھرپور انداز میں عمل پیرا ہیں۔ ''سقرا پنجاب پروگرام''، ویسٹ مینجمنٹ، ماس ٹرانزٹ اور دیگر عوامی فلاحی منصوبے صوبے میں مثبت تبدیلی کی واضح مثال ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ کو ''سوشل ریفارمر'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سپیکر نے مزید کہا کہ پنجاب اسمبلی میں قانون سازی کا عمل مؤثر انداز میں جاری ہے، جس کے ذریعے سماجی اصلاحات کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شفاف حکمرانی، مضبوط اداروں اور عوامی خدمت کے ذریعے صوبے کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جائے گا، جبکہ ''معرکہ حق'' پر اسمبلی کا خصوصی اجلاس قومی بیانیے کو مزید تقویت دے۔

بقیہ 8

کی زیر صدارت مری ڈویلپمنٹ پلان سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مری میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تعمیراتی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو راجہ جہانگیر انور، ایڈیشنل سیکرٹری، اسپیشل سیکرٹری، عیساپاک کے نمائندگان، چیف انجینئر ہائی ویز بلڈنگز جبکہ ایکسیئن مری اور ایس ڈی او نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر کو مری میں سی اینڈ ڈبلیو کے مکمل ہونے والے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ کا کہنا تھا کہ بوسٹل موڑ، ایکسپریس وے ٹو پتریاٹہ ٹاپ، پارکنگ یارڈ اور سنجیلی ہسپتال کے منصوبے سی اینڈ ڈبلیو مکمل کر چکا ہے جبکہ مری میں پبلک ٹوائلٹس کے کام کو بھی مکمل کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ راولپنڈی مری کشمیر روڈ پر کام تیزی سے جاری ہے جبکہ جیم کا گلی ری ماڈلنگ منصوبے پر بھی پیش رفت تسلی بخش ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ کشمیری بازار کے توسیعی منصوبے پر کام جاری ہے جبکہ بھوربن میں 50 بستروں پر مشتمل ہسپتال کی تعمیر بھی تیزی سے جاری ہے۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ مری میں شاہراہوں سے برف ہٹانے کے لیے مشینری مکمل فعال ہے اور عید کے ایام میں مری آنے والے سیاحوں کے لیے بہترین انتظامات یقینی بنانے کے لیے ابھی سے کام شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے تمام جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق مری میں ترقیاتی کام کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بہترین انفراسٹرکچر کی فراہمی سے مری میں سیاحت کو فروغ مل رہا ہے جبکہ مقامی لوگوں کا معیارِ زندگی بھی بلند ہو رہا ہے۔

بقیہ 9

گاڑی کو نشانہ بنایا، فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، ان کے ساتھ موجود دو گن مین شدید زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق مولانا اور ایس کی نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی ہے جبکہ واقعہ کی مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چارسدہ بھی واقعہ کے بعد ہسپتال پہنچے اور شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا اور کارکنوں کو یقین دلایا کہ واقعہ میں ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انصاف ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر چارسدہ نے کارکنوں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے شیخ الحدیث مولانا ادریس کی شہادت کو صرف صوبہ ہی نہیں بلکہ ملک کا ناقابل تلافی نقصان قرار دیا اور اعلیٰ حکام سے رپورٹ طلب کر لی۔ انہوں نے کہا کہ شہید کی زندگی دین کے پرچار اور امن کے فروغ میں صرف ہو رہی تھی، ایسے علما، وقتہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے آنکھوں میں کھٹکتے ہیں، قاتلوں کو عبرت کا نشانہ بنایا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ دکھ کی اس گھڑی میں صبر کا دامن نہ چھوڑیں۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے چارسدہ میں مولانا محمد ادریس ترنگزئی پر حملے اور ان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ایسے بزدلانہ، دہشت گردانہ اقدامات سے قوم کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے، وطنِ عزیز سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم مضبوط اور غیر متزلزل ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی اور ملک کو امن کا گہوارہ بنایا جائے گا۔ صدر آصف علی زرداری نے شہید کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور اللہ تعالیٰ سے ان کی درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا کی۔ انہوں نے واقعے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے چارسدہ میں جے یو آئی کے سابق ایم پی اے اور ممتاز عالم دین مولانا محمد ادریس ترنگزئی پر حملے اور ان کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ منگل کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور اہلِ خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے واقعے میں زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ اپنے بیان میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے شیخ الحدیث، سابق ایم پی اے، رکن مرکزی مجلس شوریٰ جے یو آئی مولانا ادریس کی شہادت کی مذمت و اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ شیخ الحدیث مولانا ادریس کی شہادت کی خبر سے دل رنجیدہ ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ مولانا ادریس نے اسلام اور پاکستان کے دفاع کی قیمت چکائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سفید ریش عالم دین کی شہادت قرآن وسنت اور پاکستان کی بات کرنے والوں پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء پاکستان کے بے لوث نظریاتی محافظ ہیں، لیکن ان کی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا شہید نے ہمیشہ امن کی بات کی، افسوس کہ آج وہ خود بدامنی کا شکار ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ادریس بلند پایہ عالم ہنکتہ داں واعظ اور مدبر سیاستدان تھے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا شہید کی پوری زندگی دین کی اشاعت وخدمت میں گذری۔

بقیہ 10

نے صوبے میں جاری ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں پر وزیر اعلیٰ کو خراج تحسین پیش کیا، جبکہ فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں ماس ٹرانزٹ سسٹم منصوبوں کو بھی سراہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر عوامی منصوبہ ان کے دل کے بے حد قریب ہے اور حکومت عوام کو بنیادی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت کے سفر کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا

بقیہ 11

پرعزم ہے، مالیاتی پالیسی میں توازن اور پائیداری کو بھی یقینی بنایا جائے گا، اہم شعبوں کے ساتھ مسلسل مکالمہ ضروری ہے۔ وہ منگل کو یہاں انشورنس ایسوسی ایشن آف پاکستان (آئی اے پی) کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے۔ ملاقات میں آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ کے تناظر میں انشورنس کے شعبے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت چیئرمین آئی اے پی شعیب جاوید حسین کر رہے تھے۔ وزیر خزانہ نے وفد کا خیر مقدم کیا اور بجٹ سازی کے مشاورتی عمل میں انشورنس انڈسٹری کی تعمیری شمولیت کو سراہا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اہم شعبوں کے ساتھ مسلسل مکالمہ ضروری ہے تاکہ پالیسی اقدامات معاشی ترجیحات سے ہم آہنگ رہیں اور طویل مدتی مالی استحکام و ترقی میں معاون ثابت ہوں۔ وفد نے انشورنس کی صنعت سے متعلق ٹیکس اور ریگولیٹری معاملات سے متعلق تجاویز پیش کیں۔ شرکا نے موجودہ ٹیکس نظام کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی اور خصوصاً وفاقی اور صوبائی محصولات کے باہمی تعلق اور ان کے شعبے پر اثرات کا جائزہ لیا۔ ملاقات میں انشورنس شعبہ کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ٹیکس نظام میں تسلسل، ہم آہنگی اور پیش بینی کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انشورنس سے متعلق مخصوص قوانین کے اطلاق خاص طور پر انہیں مجموعی ٹیکس فریم ورک کے ساتھ ہم آہنگ رکھنے کے حوالے سے وضاحت کی ضرورت پر بھی بات ہوئی۔ وفد نے بتایا کہ موجودہ قانونی اور ریگولیٹری اصول بدلتی ہوئی پالیسی اور اکاؤنٹنگ معیارات کے مطابق رہیں۔ وفد نے بچت کو فروغ دینے اور انشورنس کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کے لیے بھی تجاویز پیش کیں جن میں پالیسی ہولڈرز کے لیے ٹیکس مراعات کی ممکنہ بحالی شامل تھی۔ طویل مدتی بچت کے ذرائع کو آسان بنانا اور خصوصاً تنخواہ دار طبقے کی زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی کو اہم نکات کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ شرکا نے مالیاتی شعبے کی ترقی میں انشورنس کے کردار کو مضبوط بنانے پر بھی خیالات کا اظہار کیا جس میں سرمایہ کاری کے ڈھانچوں اور طویل المدتی مالیاتی آلات کے بہتر ربط کی ضرورت شامل تھی۔ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ شعبے سے متعلق امور پر ریگولیٹرز اور پالیسی سازوں کے ساتھ مسلسل رابطہ نہایت ضروری ہے۔ وزیر خزانہ نے وفد کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز کو سراہا اور کہا کہ انہیں آئندہ بجٹ کی تیاری کے دوران بغور زیر غور لایا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت مالیاتی شعبے کی ترقی کے لیے پرعزم ہے تاہم مالیاتی پالیسی میں توازن اور پائیداری کو بھی یقینی بنایا جائے گا، فریقین نے بہتر پالیسی سازی کیلئے حکومت اور انشورنس انڈسٹری کے درمیان مسلسل رابطہ برقرار رکھنے اور معیشت میں اس شعبے کا کردار مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں چیئرمین آئی اے پی شعیب جاوید حسین، سینئر وائس چیئرمین محمد ہشام، چیئرمین آئی اے پی ٹیکس کمیٹی عمر فاروق، ممبر آئی اے پی ٹیکس کمیٹی عاصم ناگی اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ وزارت خزانہ کے اعلیٰ حکام بشمول ڈائریکٹر جنرل ٹیکس پالیسی آفس اور ممبر (ان لینڈ ریونیو آپریشنز) بھی اجلاس میں موجود تھے۔

بقیہ 12

عزیز بھائی رجب طیب اردوان اور برادر ملک ترکیہ کے عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ ترکیہ میں حالیہ تباہ کن سیلاب اور شدید موسمی حالات نے صوبہ جات غازی عنتاب، شانلی عرفہ، ادیامان اور گرد ونواح کے علاقوں کو متاثر کیا ہے جس کے نتیجے میں قیمتی جانوں اور املاک کا نقصان ہوا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اس دکھ کی گھڑی میں ترکیہ کے اپنے بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، ہماری دلی ہمدردیاں اور دعائیں متاثرہ خاندانوں اور اس قدرتی آفت سے متاثر ہونے والے تمام افراد کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کی امدادی اور بحالی کی کوششوں میں ہر ممکن انسانی اور مادی معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 13

موٹر بائیکس میں اے آئی بیسڈ خودکار کیمرے سے کوڑے کی نشاندہی کر لی جائیگی۔ اے آئی سے لیس ستھرا پنجاب کی موٹر بائیک لائیو امیج کیپچرنگ اور ریئل ٹائم فیلڈ ویژیبلیٹی دیکھا سکے گی۔ مسلسل مانیٹرنگ کے لئے اے آئی کو ستھرا پنجاب کی موٹر بائیکس پر سسٹم نصب کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عید الاضحیٰ سے پہلے ہی ستھرا پنجاب کو الرٹ کال دے دی۔ پنجاب بھر میں آلائشیں اٹھانے کے لئے بیگز فراہم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں عید الاضحیٰ کے موقع پر ویسٹ کولیکشن سینٹر کی تعداد بڑھانے کی ہدایت کی۔ ویسٹ کولیکشن سینٹر کے علاوہ کسی بھی جگہ پر آلائشیں یا کوڑا کرکٹ پھینکنے پر آن سپاٹ جرمانہ ہوگا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ستھرا پنجاب میں ڈیجیٹل میپنگ اور بیٹ سسٹم لانچ متعارف کرایا جا رہا ہے۔ ستھرا پنجاب پروگرام میں پہلی بار اے آئی بیسڈ کمپلینٹ سیل بھی قائم کیا جائے گا۔ ستھرا پنجاب کے 70 فیصد ملازمین کی فیزیکل ویری فیکیشن مکمل کر لی گئی جبکہ اگلے ہفتے تک 100 فیصد مکمل کر لی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبے میں ستھرا پنجاب کے اہلکاروں و افسران کی اے آئی کی مدد سے فیلڈ مانیٹرنگ کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ستھرا پنجاب سے متعلق طویل اجلاس منعقد ہوا جس میں ستھرا پنجاب سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سسٹم ایمپرومنٹس، اے آئی بیسڈ آپریشنز، مالی معاملات اور ویسٹ ٹو ویلیو پر رپورٹس پیش کی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے گھوسٹ ملازمین، غیر حاضر اور حاضری لگا کر رفو چکر ہونے والے ستھرا پنجاب کے ملازمین کیخلاف کارروائی کا حکم دیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ دن کے 24 گھنٹے متحرک رکھنے کے لئے ستھرا پنجاب کی ہیلپ لائن 1139 سنٹرلائزڈ کر دی گئی۔ ڈیپ کلینگ سے 10365 پوائنٹس کلیئر کیے گئے۔ ستھرا پنجاب کے ملازمین کیلئے مزید 2029 حاضری پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ستھرا پنجاب اہلکاروں کے لئے حاضری کے لئے نئی ایپ تیار کر لی گئی۔ فیلڈ مانیٹرنگ افسران ہر یونین کونسل میں موبائل ایپ کی ذریعے فیزیکل ویری فیکیشن پر مامور کر دیئے گئے۔ ستھرا پنجاب کو مزید موثر بنانے کے لئے مینجمنٹ ڈائریکٹرز کی روزانہ کی میٹنگ لازم قرار دی گئی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ حاضری لگا کر غائب ہونے والوں کی تنخواہ میں سے کٹوتی ہوگی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کے اہلکاروں کے لیے یونیفارم اور گاڑیوں کی صفائی لازم قرار دے دی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ستھرا پنجاب کے ڈبلیو فیلڈ وزٹ اور سرپرائز وزٹ سے حاضری چیک کی جاتی ہے۔

بقیہ 14

کے بیانیے کے بجائے محبت اور ہم آہنگی کا پیغام دے رہا ہے، ذاتی ساحتات کو قومی اور انسانی مشن میں بدلنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2018 کے حملے نے ثابت کیا کہ انتہا پسندی زہریلے بیانیے کا نتیجہ ہے، نوجوانوں کو شدت پسندی اور نفرت سے بچانا ہماری اولین ذمہ داری ہے، اسلام امن، رواداری اور انسانیت کے احترام کا درس دیتا ہے، کسی کو دوسرے کے ایمان کا فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مذہب کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا خطرناک رجحان ہے، نبی کریم ﷺ کی تعلیمات انسانیت، عدل اور صلح کا پیغام دیتی ہیں، پاکستان کو شدت پسندی سے پاک اور امن کا گہوارہ بنانا ہوگا، ہم خدا سے محبت کا دعویٰ کرتے ہوئے اس کی مخلوق سے نفرت نہیں کر سکتے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانیوں کو تقسیم کر کے مضبوط پاکستان نہیں بنایا جا سکتا، قائداعظم کے وژن کے مطابق ہر شہری کو عبادت اور زندگی میں مکمل آزادی حاصل ہے، پاکستان میں اقلیتوں کو برابر کے حقوق اور مکمل تحفظ دینا ریاست کی ذمہ داری ہے، مذہب، فرقہ یا زبان کی بنیاد پر کسی شہری کے ساتھ امتیاز ناقابل قبول ہے، اسلام نفرت اور تشدد کو تقوی کا لبادہ اوڑھنے کی اجازت نہیں دیتا۔ احسن اقبال نے کہا کہ دہشتگرد نے پاکستان کو بھاری جانی و مالی نقصان پہنچایا، پاکستانی قوم اور سکیورٹی فورسز نے قربانیوں سے دہشتگردی کا مقابلہ کیا، انتہا پسندی کے خاتمے کے

پنجاب کا آئندہ سال ترقیاتی بجٹ ارب 1450 روپے مختص کرنے کی تجویز

ترقیاتی بجٹ میں 4.4 فیصد اضافہ کرنے ، ماحولیاتی ،خصوصی منصوبوں پر فنڈنگ میں بڑا اضافہ کرنیکی تجویز

لاہور(این این آئی)پنجاب کا آئندہ مالی سال کا ترقیاتی بجٹ 1450 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز پیش کر دی گئی۔ترقیاتی بجٹ میں 4.4 فیصد اضافہ کرنے کی تجویز دی گئی، ماحولیاتی اور خصوصی منصوبوں پر فنڈنگ میں بڑا اضافہ کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔سوشل سیکٹر کیلئے 564 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے، انفراسٹرکچر کیلئے 380 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی، پروڈکشن سیکٹر کیلئے 177 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے

گوادر سے جیکب آباد ریلوے لائن منصوبے کا آغاز، زمین کے حصول کا مرحلہ شروع

ریلوے لائن گوادر، تربت، پنجگور، بسیمہ، خضدار اور جیکب آباد کو آپس میں ملائے گی

لاہور(این این آئی)وفاقی حکومت نے ایک بڑے منصوبے کیلئے پیشرفت کے طور پر گوادر سے جیکب آباد تک مجوزہ ریلوے لائن منصوبے کے لیے زمین کے حصول کا عمل باضابطہ طور پر شروع کر دیا گیا، یہ ریلوے لائن گوادر، تربت، پنجگور، بسیمہ، خضدار اور جیکب آباد کو آپس میں ملائے گی۔یہ پیشرفت پاکستان کی اس حکمت عملی کے تناظر میں اہم قرار دی جا رہی ہے جس کے تحت ایران تک سامان کی ترسیل کے لیے چھ زمینی راستے کھولنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان راستوں میں گوادر، گبد روٹ سب سے مختصر سمجھا جاتا ہے جس سے ترسیلی وقت میں تقریباً 87 فیصد تک کمی متوقع ہے۔اس اقدام کا مقصد سمندری تجارت میں خلل کی صورت میں تیسرے ممالک کے سامان کو ایران تک محفوظ اور متبادل راستہ فراہم کرنا ہے۔

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم تیسرے سپیشلائز ڈٹریننگ کورس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز سے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

تیز ہواؤں کے ساتھ بارش، موسم خوشگوار، بجلی معطل

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) حجرہ شاہ مقیم شہر اور گردونواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہونے والی بارش نے جہاں موسم کو خوشگوار بنا دیا وہیں بجلی کا نظام بھی متاثر ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق بارش کے باعث متعدد فیڈرز ٹرپ کر گئے جس سے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی۔سیوریج موٹریں بند ہونے سے شہر بھر میں پانی کی نکاسی بند ہو گئی، دوسری جانب بارش کے باعث شدید گرمی کا زور ٹوٹ گیا

اسمٰعیلی فرقے کے پچاسویں امام پہلے دورے پر رواں ماہ پاکستان آئینگے

اسمٰعیلیوں کے 50ویں امام ،آغا خان پنجم رواں ماہ کے آخر میں پاکستان پہنچیں گے

لاہور(این این آئی)اسمٰعیلیوں کے 50ویں امام اور آغا خان پنجم، پرنس رحیم شاہ الحسنی، رواں ماہ کے آخر میں ایک ہفتے کے دورے پر پاکستان آ رہے ہیں جس کے لیے ان کے مریدوں کی جانب سے تیاریوں کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔اسمٰعیلیوں کے ذمہ دار ادارے اسمٰعیلی کونسل نے پرنس رحیم آغا خان پنجم کے دورہ پاکستان کی تصدیق کی ہے اور اپنی جماعت کو جاری ایک سرکلر میں بتایا ہے کہ پرنس رحیم، 50ویں امام کی حیثیت سے پاکستان کا پہلا دورہ کر رہے ہیں، وہ 20 مئی کو اسلام آباد پہنچیں گے اور 26 مئی تک پاکستان میں قیام کریں گے۔پرنس شاہ رحیم الحسنی اسمٰعیلی فرقے کے 50ویں موروثی امام ہیں جنہوں نے اپنے والد اور 49ویں امام شاہ کریم الحسینی آغا خان چہارم کے انتقال کے بعد فروری 2025 میں امامت سنبھالی۔

پہلا ٹرانس شپمنٹ کارگو جہاز گوادر پہنچ گیا

لاہور(این این آئی)پہلا ٹرانس شپمنٹ کارگو جہاز ''ایم وی شولونگ'' گوادر پورٹ پر لنگر انداز ہو گیا جو اس ماہ بندرگاہ پر پہنچنے والا پہلا بڑا جہاز ہے۔گوادر پورٹ اتھارٹی کے ایک اہلکار نے بتایا کہ اس جہاز میں 077,16 میٹرک ٹن ٹرانس شپمنٹ کارگو موجود ہے جس میں 13 ہزار سے زائد پیکجز شامل ہیں، یہ سامان چینی ساختہ صنعتی مشینری اور پائپوں پر مشتمل ہے۔

ایران جنگ اگلے سال تک جاری رہی تو حالات مزید بدتر ہو سکتے ہیں، آئی ایم ایف

عالمی مالیاتی ادارے کی پہلے کی گئی پیش گوئی موجودہ حالات کی مناسبت سے درست نہیں، ایم ڈی

واشنگٹن (این این آئی) آئی ایم ایف نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کی جنگ 2027 تک جاری رہی اور تیل کی قیمتیں 125 ڈالر رہیں تو حالات مزید بدتر ہو سکتے ہیں۔ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا نے کہا کہ عالمی مالیاتی ادارے کی پہلے کی گئی پیش گوئی موجودہ حالات کی مناسبت سے درست نہیں۔آئی ایم ایف نے پہلے پیش گوئی کی تھی کہ ایران کے خلاف امریکا اسرائیل جنگ عالمی اقتصادی ترقی میں سست روی اور مہنگائی میں معمولی اضافے کا باعث بنے گی۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو اضافہ

لاہور(این این آئی)شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے اضافے سے 540 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافے سے 373 روپے فی کلو جبکہ فاری انڈوں کی قیمت 246 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی ۔دوسری جانب اوپن مارکیٹوں میں بعض مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا جاتا رہا۔

عالمی برادری غزہ میں جاری نسل کشی اور قحط ختم کرائے' جے یو آئی

اقوام متحدہ نے فلسطین کی صورتحال پر مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے

لاہور(این این آئی)جمعیت علمائے اسلام(س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، نائب ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز اور مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عالمی برادری غزہ میں جاری نسل کشی اور قحط ختم کرائے، پوری مسلم امہ کے حکمران فلسطین کی حالیہ صورتحال اور ہلاکتوں پر قدرت کے سامنے جوابدہ ہیں، اقوام متحدہ نے فلسطین کی صورتحال پر مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے جو انتہائی دکھ اور شرمناک ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ عالمِ اسلام کے حکمران مظلوم فلسطینیوں کی چیخ و پکار پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، جبکہ اسرائیل مسلسل فلسطینیوں کے خون سے اپنی پیاس بجھا رہا ہے۔

شہر کے مختلف تھانوں میں بجلی چوری کے خلاف 5515 مقدمات درج 6116 گرفتار

لاہور(این این آئی)لاہور پولیس نے بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں تیز کر دیں، رواں سال کے دوران بڑے پیمانے پر گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ترجمان لاہور پولیس کے مطابق شہر کے مختلف تھانوں میں بجلی چوری کے خلاف 5515 مقدمات درج کیے گئے جبکہ ان کارروائیوں کے دوران 6116 افراد کو گرفتار کیا گیا۔

معرکہ حق بنیانِ مرصوص میں کامیابی ایمان اور اتحاد کی فتح ہے' میاں اسلم ندیم

عظیم تاریخی فتح پر افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

لاہور(این این آئی)پاکستان مسلم لیگ (ن) علماء و مشائخ ونگ لاہور ڈویژن کے سیکرٹری جنرل، رکن جنرل کونسل مولانا میاں محمد اسلم ندیم نے کہا ہے کہ معرکہ حق بنیانِ مرصوص میں کامیابی ایمان اور اتحاد کی فتح ہے، معرکہ حق بنیان مرصوص کی عظیم تاریخی فتح پر افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، بدبخت مودی آج پوری دنیا میں رسوا ہو رہا ہے اور اسکی رسوائی ہر دن کے ساتھ بڑھتی جا رہی ہے۔اپنے جاری بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر مشکل گھڑی میں اتحاد و یکجہتی کا عملی مظاہرہ کرتی رہے گی۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور قومی یکجہتی کے ذریعے ہر سازش کو ناکام بنایا جا سکتا ہے۔

لاہور: پنجاب کاؤنٹر ٹاکس فورس کے ڈائریکٹر جنرل بریگیڈیئر مظہر اقبال کیٹر ڈ کالج و ویمن یونیورسٹی میں یوتھ انکیمیٹ ڈرگز' سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ نے 35 ججوں کو مختلف اضلاع کا انسپکشن جج تعینات کر دیا

جسٹس عابد عزیز شیخ راولپنڈی، جسٹس صداقت علی خان سرگودھا، جسٹس شہباز رضوی گوجرانوالہ، جسٹس فیصل زمان ملتان تعینات

لاہور(این این آئی)لاہور ہائیکورٹ نے 35 ججوں کو مختلف اضلاع کا انسپکشن جج تعینات کر دیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم لاہور سمیت تمام اضلاع کی انسپکشن جج ہوں گی۔جسٹس عابد عزیز شیخ راولپنڈی، جسٹس صداقت علی خان سرگودھا، جسٹس شہباز رضوی گوجرانوالہ، جسٹس فیصل زمان ملتان، جسٹس مسعود عابد نقوی فیصل اباد، جسٹس مرزا وقاص رؤف ساہیوال کے انسپکشن جج ہوں گے۔

مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی: جنگ کے 66 دن بعد کویت سے کراچی کا براہِ راست فضائی سفر بحال

کراچی(این این آئی)امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ کے 66 دن بعد کویت سے کراچی کا براہِ راست فضائی سفر بحال ہو گیا۔28 فروری کے بعد کویت کی ایئر لائن کی پہلی پرواز کی کراچی آمد ہوئی۔پرواز جے 9507 محدود مسافروں کو لے کر کویت سے براہِ راست کراچی پہنچی۔کویت سے پاکستان کی براہِ راست پروازیں 2 ماہ سے زائد عرصے تک بند رہیں۔

والدہ عظیم ہستی، ایسی نعمت کا متبادل نہیں، علامہ پیر غلام محی الدین

چیئرمین پاکستان علماء کونسل پیر ظہیر عباس کی والدہ کی قل خوانی پر محفل، علما و مشائخ کی شرکت

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء مشائخ اتحاد کونسل صاحبزادہ پیر ظہیر عباس نقشبندی قادری چشتی کی والدہ محترمہ کے ایصال ثواب کے لیے قل خوانی کے موقع پر عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر کے مشائخ عظام، علمائے کرام اور مذہبی و سماجی شخصیات پیر سید محمد اسلم شاہ بخاری صدر علماء مشائخ اتحاد کونسل، پیر سید فیاض حسین شاہ بخاری، علامہ پیر عمر فاروق گولڑوی ڈویژنل چیئرمین، صوفی طاہر مقصود شبیری ڈویژنل صدر، الحاج غوری ایوب علی فریدی سرپرست جماعت اہلسنت اور عمران زاہد کھوکھر چیئرمین میڈیا ونگ سمیت دیگر اہم شخصیات شریک ہوئیں۔اس موقع پر علامہ پیر غلام محی الدین حسینی بادشاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ مرحومہ کی دینی خدمات اور تربیت ایک نیک اور صالح نسل کی تشکیل میں نمایاں کردار رکھتی ہے،

کراچی: سندھ فارمرز ایگریکلچرل کلیکٹوز ایکٹ 2026 پر مشاورت کے لئے سندھ کابینہ کی قائم کردہ ذیلی کمیٹی کے دوسرے اجلاس سے وزیر زراعت سندھ سردار محمد بخش مہر خطاب کر رہے ہیں۔

سندھ کابینہ کے بڑے فیصلے ترقیاتی منصوبوں کے لیے اربوں روپے کی منظوری

ان منصوبوں سے صوبے میں انفراسٹرکچر، صحت، تعلیم اور عوامی سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی(این این آئی)وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس منگل کو وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ترجمان وزیر اعلیٰ کے مطابق اجلاس میں 25 نکاتی ایجنڈے پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ سندھ کابینہ نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے لیے اربوں روپے کی منظوری دے دی۔

مظفرآباد: قائمقام صدر آزاد کشمیر چوہدری الطیف اکبر سے سابق سینئر وزیر و جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر چوہدری طارق فاروق ملاقات کر رہے ہیں۔

فتنہ الخوارج کی جانب سے سویلین آبادی پر بزدلانہ حملے

خوارج سیکیورٹی فورسز کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں رکھتے اور اپنی بزدلی چھپانے کیلئے معصوم شہریوں کا خون بہاتے ہیں، ماہرین

پشاور(این این آئی) جنوبی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کی جانب سے سویلین آبادی کو نشانہ بنایا گیا، ماہرین کے مطابق خوارج سکیورٹی فورسز کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں رکھتے اور اپنی بزدلی چھپانے کیلئے معصوم شہریوں کا خون بہاتے ہیں۔تفصیلات کیمطابق گزشتہ شام جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج نے بارود سے بھری گاڑی بازار میں دھماکے سے اڑا دی۔ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال وانا کی انتظامیہ کی جانب سے خوارج کے خودکش حملے میں زخمی 14 سول افراد کی فہرست جاری کر دی گئی، انتظامیہ کے مطابق 4 بچوں سمیت 14 افراد زخمی ہوئے جن میں 8 سال کی ایک معصوم بچی بھی شامل ہے۔انتظامیہ کے مطابق زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال وانا منتقل کیا گیا جبکہ تمام زخمیوں کا تعلق جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک سے ہے۔اس سے قبل بھی خوارج کی جانب سے نورڑ میں کئے گئے حملے میں 3 شہری شہید اور 11 زخمی ہوئے تھے، جن میں 2 حافظِ قرآن بچے بھی شامل تھے۔

تحریک آزادی کشمیر کے رہنما محمد اشرف صحرائی کی برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

تقریبات کے ساتھ ساتھ دارالحکومت میں بھارت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ بھی کیا گیا، عوام کی بھرپور شرکت

مظفرآباد(این این آئی) مظفرآباد میں تحریک آزادی جموں و کشمیر کے ممتاز رہنما محمد اشرف صحرائی کی برسی منگل کو عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔مرحوم صحرائی کو سید علی گیلانی کے قریبی ساتھیوں میں شمار کیا جاتا تھا اور تحریک آزادی کشمیر میں ان کا کردار نہایت اہم رہا ہے۔برسی کے موقع پر کل جماعتی حریت کانفرنس، پاسبان حریت اور سنٹرل پریس کلب مظفرآباد کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں ان کی جدوجہد اور قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔تقریبات کے ساتھ ساتھ دارالحکومت میں بھارت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ بھی کیا گیا، جس میں کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے۔یاد رہے کہ صحرائی کے بیٹے جنید صحرائی کو جون 2020 میں بھارتی فورسز نے ایک مبینہ جعلی آپریشن میں شہید کیا تھا۔رپورٹس کے مطابق بھارتی حکام نے محمد اشرف صحرائی کو علالت کے باوجود پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا۔

پشاور: معاون خصوصی برائے اطلاعات شفیع جان کو پشاور سیف سٹی منصوبے کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔

ہراسانی کیس میں سزا کیخلاف اپیل ملزم کو مہنگی پڑ گئی، وفاقی محتسب نے مزید سخت فیصلہ سنا دیا

راولپنڈی میں ایک سرکاری ادارے کے ملازم پر 16 خواتین کو ہراساں کرنے کا الزام ثابت ہوا تھا

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی نے ورک پلیس پر خواتین کو ہراساں کرنے کے کیس میں ملزم کی سزا جبری ریٹائرمنٹ سے بڑھا کر ملازمت سے برطرفی میں تبدیل کر دی۔ وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت فوزیہ وقار نے محکمانہ کارروائی کیخلاف راولپنڈی میں سرکاری ملازم کی اپیل کو مسترد کرتے ہوئے سزا کو جبری ریٹائرمنٹ سے بڑھا کر فوری طور پر ملازمت سے برطرفی میں تبدیل کر دیا۔فوپاہ کے مطابق ایک سرکاری محکمے کی سولہ خواتین ملازمین نے بار بار ہراسگی کے واقعات کی شکایات درج کرائی، محکمانہ انکوائری نے الزامات کو درست قرار دیتے ہوئے ملوث افسر کی جبری ریٹائرمنٹ کی سزا تجویز کی جسے مجاز اتھارٹی نے نافذ کیا۔فوپاہ کے مطابق اپیل کی سماعت کے دوران فوپاہ نے مکمل ریکارڈ کا جائزہ لیا اور انکوائری کے نتائج کو برقرار رکھا، اپیل کنندہ کو دفاع کا مکمل موقع فراہم کیا گیا۔

کراچی: ساؤتھ پولیس کی جانب سے خواتین پولیس اہلکار عورت مارچ کی رہنما شیما کرمانی کو گرفتار کر کے لے جا رہی ہیں۔

مرید کے میں گھریلو جھگڑا خونی سانحہ بن گیا، بھائی کے ہاتھوں بہن قتل

موبائل فون مانگنے پر بہن بھائی کے درمیان تلخ کلامی ہوئی جو دیکھتے ہی دیکھتے شدید جھگڑے میں بدل گئی

کالا شاہ کاکو(این این آئی)مرید کے کے علاقے حدوکے میں گھریلو تنازع خوفناک رخ اختیار کر گیا، جہاں حقیقی بھائی نے مبینہ طور پر فائرنگ کر کے اپنی 20 سالہ بہن زینب کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق واقعہ معمولی بات پر شروع ہوا، جہاں موبائل فون مانگنے پر بہن بھائی کے درمیان تلخ کلامی ہوئی جو دیکھتے ہی دیکھتے شدید جھگڑے میں بدل گئی۔پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم عنبر حسن نے طیش میں آ کر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں زینب موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی، جبکہ ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا پولیس نے مقتولہ کے والد کی مدعیت میں ملزم کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔حکام کے مطابق پوسٹ مارٹم مکمل کرنے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی تھانہ سٹی پولیس کا کہنا ہے کہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور جلد ہی اسے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

امریکا، ایران کشیدگی: امتِ مسلمہ فوری اتحاد کا مظاہرہ کرے، مولانا بشیر فاروقی

ایران تنہا فیصلے نہ کرے، مسلم قیادت مشترکہ حکمتِ عملی اختیار کرے، چیئرمین سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ

کراچی(این این آئی)سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ کے بانی و چیئرمین مولانا بشیر احمد فاروقی نے امریکا اور ایران کے درمیان ایک بار پھر بڑھتی ہوئی کشیدگی پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات نہایت خطرناک رخ اختیار کر چکے ہیں، اور اگر بروقت دانشمندانہ اقدامات نہ کیے گئے تو یہ صورتحال نہ صرف پورے خطے بلکہ دنیا کے امن کو شدید متاثر کر سکتی ہے۔اپنے ایک اہم بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی افسوسناک امر ہے کہ ایک بار پھر جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے ہیں۔ایران کی جانب سے یو اے ای پر میزائل حملوں کی اطلاعات اور دوسری طرف امریکا کی سخت دھمکیاں اس بات کی نشاندہی کر رہی ہیں کہ حالات کسی بڑے تصادم کی جانب بڑھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ امریکا کی جانب سے اس نوعیت کی دھمکی دینا کہ کسی ملک کا نام و نشان مٹا دیا جائے گا، نہایت تشویشناک اور عالمی امن کے لیے خطرناک ہے۔

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سوبھراج میٹرنٹی اسپتال میں جدید پوسٹ ڈلیوری وارڈ کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

الف بی آر میں وزیر اعظم امدادی پیکج کے تحت متوفی کوٹہ پر ملازمت کے تنازع سے متعلق درخواست

درخواستگزار حفیظ اللہ نے وزیر اعظم امدادی پیکج کے تحت متوفی کوٹہ پر ملازمت کی درخواست دی

کراچی(این این آئی)سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے الف بی آر میں وزیر اعظم امدادی پیکج کے تحت متوفی کوٹہ پر ملازمت کے تنازعے سے متعلق درخواست پر 2 ہفتوں میں درخواستگزار کو تقرری نامہ جاری کرنے کا حکم دیدیا۔جسٹس عدنان الکریم میمن کی سربراہی میں دو رکنی آئینی بینچ کے روبرو الف بی آر میں وزیر اعظم امدادی پیکج کے تحت متوفی کوٹہ پر ملازمت کے تنازعے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔اسد اللہ بلوا ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ درخواستگزار حفیظ اللہ نے وزیر اعظم امدادی پیکج کے تحت متوفی کوٹہ پر ملازمت کی درخواست دی۔مئی 2023 میں گریڈ 11 کے عہدے کے لئے تقرری کی پیشکش کی گئی۔جون 2023 میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے عبوری حکم کے تحت جوائنٹ روک دی گئی۔سپریم کورٹ نے ستمبر 2024 میں وزیر اعظم امدادی پیکج کو کالعدم قرار دیا۔اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے بھی وضاحت جاری کی کہ فیصلے سے قبل کی گئی تقرریاں برقرار رہیں گی۔

چوہدری محمد بلال مجید ایڈووکیٹ ینگ لائر فورم گوجرانوالہ ڈویژن کے صدر منتخب ہو گئے

وکلاء برادری کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی گئی

کاموکی (رانا اسد شبیر سے) چوہدری محمد بلال مجید ایڈووکیٹ ینگ لائر فورم گوجرانوالہ ڈویژن کے صدر منتخب ہو گئے ہیں۔اس موقعہ پر وکلاء برادری کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی گئی۔وہ سادھوکی کے نواحی گاؤں دراجکے سے تعلق رکھتے ہیں۔وہ چوہدری عبدالمجید چیئرمین اے ایم رائس ملز کے صاحبزادے ہیں۔اپنے علاقے میں پہنچنے پر اہلیان دراجکے کی جانب سے ان پھولوں کی پتیوں کے ساتھ شاندار استقبال کیا گیا

مون سون سیزن کے پیش نظر ڈسٹرکٹ سطح پر ڈی سی کانفرنس روم میں ایمرجنسی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

جس کی صدارت اے ڈی سی (R & RH) نے کی

کرم(بیورو رپورٹ)۔۔ ریسکیو 1122 ڈسٹرکٹ کرم مون سون سیزن کے پیش نظر ڈسٹرکٹ سطح پر ڈی سی کانفرنس روم میں ایمرجنسی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت اے ڈی سی (R&RH) نے کی۔شاہ فہد (ڈائریکٹر جنرل ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا) اور میر عالم خان (ڈائریکٹر آپریشنز اینڈ کوآرڈینیشن) کے احکامات پر منعقد کی گئی میٹنگ میں سینئر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر جناب غلام مرتضیٰ صاحب نے خصوصی شرکت کی۔ اور لوکل ایڈمنسٹریشن کے تحت تمام متعلقہ محکموں کے عہدیداران نے بھی حصہ لیتے ہوئے ممکنہ مون سون خطرات سے نمٹنے کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس پلان (DERP) کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس سلسلے میں کل ایک Mock Drill Exercise کا انعقاد کیا جائے گا جس میں تمام متعلقہ محکمے بھرپور شرکت کریں گے۔میٹنگ میں سینئر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر جناب غلام مرتضیٰ صاحب نے تمام اداروں کو ان کے کردار (Roles) کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔مون سون کے دوران ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاری، اداروں کے درمیان بہتر کوآرڈینیشن، بروقت ریسپانس اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے اقدامات اور تمام اداروں نے اپنے اپنے کردار اور ذمہ داریوں کو واضح کرتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ریسکیو 1122 ڈسٹرکٹ کرم۔

ضلع کرم، پاراچنار: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان نے پاراچنار شہر میں واقع شادی ہال اور مجوزہ فوڈ سٹریٹ کا تفصیلی دورہ کیا

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پلاننگ و فنانس شوکت علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایچ آر محمد علی، اسسٹنٹ کمشنر اپر کرم خالد عمران اور متعلقہ آفسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے

کرم)بیورو رپورٹ)ضلع کرم، پاراچنار: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان نے پاراچنار شہر میں واقع شادی ہال اور مجوزہ فوڈ سٹریٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پلاننگ و فنانس شوکت علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایچ آر محمد علی، اسسٹنٹ کمشنر اپر کرم خالد عمران اور متعلقہ آفسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پلاننگ و فنانس نے ڈپٹی کمشنر کو فوڈ سٹریٹ کے منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ شادی ہال کی بہتری اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے لائحہ عمل تیار کرنے پر بھی آگاہ کیا۔ڈپٹی کمشنر کرم نے متعلقہ آفسران کو ہدایت کی کہ شادی ہال کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کرنے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جائے، جس میں صفائی، روشنی، پارکنگ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مجوزہ فوڈ سٹریٹ کے قیام کو جلد از جلد عملی شکل دی جائے تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ تفریحی سہولیات میسر آ سکیں، اور مقامی کاروبار کو بھی فروغ حاصل ہو۔

بنیان مرصوص حق و باطل کا عظیم معرکہ ہماری عظیم کامیابی کا مظہر ہے

افواج پاکستان نے چھے گنا بڑے دشمن کو دھول چاٹنے پر مجبور کیا

ہنگو(بیورو رپورٹ)بنیان مرصوص حق و باطل کا عظیم معرکہ ہماری عظیم کامیابی کا مظہر ہے، افواج پاکستان نے چھے گنا بڑے دشمن کو دھول چاٹنے پر مجبور کیا، معرکہ بنیان مرصوص کے بعد سفارتی سطح پر پاکستان کو جو مقام ملا ہے وہ قوم کے لیے باعث اعزاز ہے، دشمن کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ چھبیس کڑور عوام افواج پاکستان اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہنگو نصیر خان، ڈی او ایجوکیشن شیراز خٹک، سنیئر صحافی طارق محمود مغل اور دیگر نے یوتھ ڈیپارٹمنٹ ہنگو اور ضلعی انتظامیہ ہنگو کے زیر اہتمام ڈگری کالج ہنگو میں بنیان مرصوص کے ایک سالہ تقریبات کے سلسلے میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔اس موقعہ پر امن کمیٹی ممبران، اے سی جنرل احسان علی شاہ، اے سی ٹو شجاعت علی خان، اے سی آر سجاد آفریدی، ڈسٹرکٹ یوتھ آفیسر رضا وزیر، ڈی ایچ او ڈاکٹر نعیم خانڈ ایرکٹر زراعت احتشام خٹک، ڈسٹرکٹ خطیب مولانا حفیظ، اے ڈی لوکل عادل خان، پروفیسرز، لیکچرارز اور کالج کے طلباء بھی سیمینار میں موجود تھے۔ڈگری کالج ہنگو کے سنیئر ممبر اور پروفیسر وارث خان نے سٹیج سیکریٹری اور میزبان کی ذمہ داریاں نبھائیں۔سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مولانا محمد ارشاد، ڈاکٹر نعیم اور ایجوکیشن آفیسر شیراز خان نے کہا کہ ایک سال قبل بنیان مرصوص معرکے میں ہماری بہادر افواج نے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ہمارا وطن تا قیامت قائم رہے گا اور افواج پاکستان کے شانہ بشانہ قوم وطن کی سالمیت کے لیے متحد اور ہر قربانی کے لیے تیار ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نصیر خان نے کہا کہ آج ہمیں متحد ہو کر دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانا ہے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان ہر محاذ پر دشمن پر اپنی برتری ثابت کرنے میں کامیاب ہوئی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم صرف پاکستانی بن کر سپنا کردار ادا کریں، سنیئر صحافی طارق محمود مغل نے سیمینار سے خطاب میں کیا کہ نوجوان نسل کو کوئی گمراہ نہیں کر سکتا، وطن پر ہر کوئی اپنا تن من دھن قربان کرنا اپنا ایمان سمجھتا ہے انہوں نے کہا کہ گمراہ لوگ دشمن کے ایجنڈے پر چل کر علاقائی، گروہی عصبیت اور تعصب کو ابھار کر نفرت کو فروغ دینا چاہتے ہیں جن کا بھرپور جواب دیا جا رہا ہے طارق محمود مغل نے واضح کیا کہ افواج پاکستان کسی صوبے کی نہیں بلکہ پاکستانی قوم کی افواج ہیں جس کے جوان بلا تفریق رنگ، نسل اور علاقہ وطن کے لیے جانوں کا نذرانہ دیکر اپنا قومی فریضہ سرانجام دیے رہے ہیں۔بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہنگو نصیر خان کی قیادت میں افواج پاکستان سے اظہار محبت و تشکر ری